बालभारती
हीरक महोत्सव

مُفت تقسیم کے لیے

# عملی تجربے کی تعلیم

## چوتھی جماعت



कार्यशिक्षण इयत्ता चौथी (उर्दू माध्यम)

Tele MANAS
National Tele Mental Health Programme
14416

## (ٹیلی مینٹل ہیلتھ اسسٹنس اینڈ نیٹ ورکنگ اَکراس اسٹیٹس)

## Tele MANAS (Tele Mental Health Assistance and Networking Across States)

## (14416/1800-89-14416)

قومی ذہنی صحت پروگرام کے تحت 'ٹیلی مانس' مرکزی حکومت کی اسپانسر شدہ ایک اسکیم ہے جو ریاست مہاراشٹر میں شروع کی گئی ہے۔ یہ پروگرام اکتوبر 2022 سے جاری ہے۔ ٹیلی مانس کے تحت فون نمبر 14416 کے ذریعے ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے ذہنی صحت سے متعلق جامع خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ اس پروگرام کے تحت مختلف ذہنی مسائل کے شکار افراد کے لیے ماہرین کے ذریعے مشورے اور علاج سے متعلق معلومات دستیاب ہے۔ ٹیلی مانس ہیلپ لائن پر کی جانے والی کال کے ذریعے دی گئی تمام معلومات مکمل رازداری میں رکھی جاتی ہے۔ والدین، طلبہ اور اساتذہ بلا جھجک اپنے مسائل اور پریشانیوں کے بارے میں فون پر بات کریں اور اس ہیلپ لائن سے دیگر لوگوں کو بھی فائدہ اٹھانے کی ترغیب دیں۔

## منودرپن ہیلپ لائن

منودرپن (8448440632) یہ مفت ٹیلی فون خدمات جولائی ۲۰۲۰ء سے وزارتِ تعلیم کی جانب سے نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ میں 'منودرپن سیل' کے ذریعے طلبہ، سرپرستوں اور اساتذہ کو نفسیاتی رہنمائی اور مدد دینے کے لیے ہفتے کے آٹھوں دن صبح ۸ بجے سے رات ۸ بجے تک فراہم کی جارہی ہیں۔ طلبہ، سرپرست اور اساتذہ ضروری رہنمائی اور مشاورت حاصل کرنے کے لیے اس ہیلپ لائن پر بھی فون کرسکتے ہیں۔

راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونہ کی جانب سے تیار کردہ نصاب اور درسیات کے مطابق یہ درسی کتاب بنائی گئی ہے اور اس کے ذریعے اس کی جانچ کی گئی ہے۔ سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/ (پر۔نمبر ۴۳/۱۶) ایس ڈی-۴، مؤرّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء کے مطابق قائم کردہ رابطہ کار کمیٹی کی ۱۳/اپریل ۲۰۲۶ء کو منعقدہ نشست میں اس درسی کتاب کو تعلیمی سال ۲۰۲۶-۲۰۲۷ء سے متعین کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔

# عملی تجربے کی تعلیم

## چوتھی جماعت

سمگر شِکشا



مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پُستک نِرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ - ۴۔

سامنے درج Q.R. Code کو اسمارٹ فون کے ذریعے اسکین کرنے پر ہمیں ڈیجیٹل درسی کتاب اور درسی کتاب کے اسباق سے متعلق مفید سمعی، بصری اور سمعی بصری وسائل کی صورت میں مواد دستیاب ہوگا۔

پہلا ایڈیشن

۲۰۲۶ء (2026)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی وابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔


## عملی تجربے کی تعلیم مضمون کمیٹی

- شریمتی پلّوی آپٹے (صدر)
- شریمتی لینا تلاٹھی (رکن)
- شریمتی تیجسوینی مھسکے (رکن)
- شریمتی وندنا پھڑترے (رکن)
- شری سنیل مورے (رکن)
- ڈاکٹر روپیش تامبے (رکن)
- شریمتی گیتانجلی کاشد (رکن)
- شری انکت دیشمکھ (مدعو رکن)
- شریمتی رشمی راجپورکر (مدعو رکن)
- شری وِدّیادھر مھاترے (مدعو رکن)
- شری نندکشور نگرکر (مدعو رکن)
- شریمتی دیپالی جوگ دنڈے (نصاب رابطہ کار)
- ڈاکٹر اجے کمار لوگے (رکن-سیکریٹری)

## رابطہ کار اُردو

**جناب خان نوید الحق انعام الحق**

انچارج اسپیشل آفیسر برائے اُردو، بال بھارتی

**جناب ناصر علی یعقوب علی شیخ**

انچارج اسسٹنٹ اسپیشل آفیسر برائے اُردو، بال بھارتی

## معیار جائزہ کار

- ڈاکٹر ایم۔ جی۔ گُرو (معیار جائزہ کار)
- ایڈوکیٹ سندیش ساکھرے (ماہر قانون)
- ڈاکٹر اتل جادھو (ماہر CWSN)

## ڈی ٹی پی وتزئین

جناب آصف نثار سیّد

یسری گرافکس، شاپ نمبر ۵، انامے بلڈنگ، ۳۰۵، سوموار پیٹھ، پونہ-۱۱

## سرورق اور تزئین

- شری لکشمی کانت کالے
- کماری پراجکتا کیرکر
- شری آدتیہ پراڑکر
- شریمتی پراچی پوتدار
- شری سوہم اوتاری

## مراٹھی رابطہ کار

**ڈاکٹر اجے کمار لوگے**

انچارج اسپیشل آفیسر، عملی تجربہ اور فنونِ لطیفہ، بال بھارتی، پونہ

## پروڈکشن

**شریمتی متالی شِتپ**، چیف پروڈکشن آفیسر

**شری پرشانت ہرنے**، پروڈکشن آفیسر

## اُردو مترجمین

- جناب وسیم احمد محمد فاروق مومن
- جناب عبدالاعلیٰ عبداللطیف
- جناب سیّدامجد الدین سیّد وقارالدین قادری

**پیپر:** 70 جی ایس ایم، کریم واو

**پرنٹ آرڈر:**

**پرنٹر:**

## ناشر

شری ہیمنت بابر

**اِنچارج کنٹرولر**

پاٹھیہ پستک نرمتی منڈل، پربھادیوی، ممبئی - ۲۵۔

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو **ایک** مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں

اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :

**انصاف،** سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛

**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛

**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،

اور ان سب میں

**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتّحاد اور سالمیت کا تیقّن ہو؛

**اپنی آئین ساز اسمبلی میں** آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین **ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،**

**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

# بھارت کا آئین

### حصہ 4 الف

## شہریوں کے بنیادی فرائض

**اقتباس 51 الف**

**بنیادی فرائض - بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ -**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرکے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) سرپرستوں کو چاہیے کہ چھے سے چودہ سال کی عمر کے بچوں کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایَک جَیَہ ہے
بھارَتَ - بھاگیَہ وِدَھاتا۔

پَنجابَ، سِندُھ، گُجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑَ، اُتکَلَ، بَنگَ،

وِندھیہ، ہِماچَلَ، یَمُنا، گنگا،
اُچّھلَ جَلَ دِھ تَرَنگَ،

تَوَشُبھَ نامے جاگے، تَوَشُبھَ آ شِسَ ماگے،
گاہے تَوَجَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دَایَکَ جَیَہ ہے،
بھارَتَ - بھاگیَہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا وطن ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

مَیں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

مَیں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ ان کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

## राज्यगीत

जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा ।।धृ।।

भिती न आम्हा तुझी मुळी ही गडगडणाऱ्या नभा
अस्मानाच्या सुलतानीला जबाब देती जिभा
सह्याद्रीचा सिंह गर्जतो शिव शंभू राजा
दरी दरीतून नाद गुंजला महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा ।।१।।

काळ्या छातीवरी कोरली, अभिमानाची लेणी
पोलादी मनगटे खेळती, खेळ जीवघेणी
दारिद्र्याच्या उन्हात शिजला
निढळाच्या घामाने भिजला
देश गौरवासाठी झिजला
दिल्लीचे ही तख्त राखितो, महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा, गर्जा महाराष्ट्र माझा
जय जय महाराष्ट्र माझा ।।२।।

# پیش لفظ

قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ء کے مطابق 'عملی تجربے کی تعلیم' مضمون کی چوتھی جماعت کے لیے درسی کتاب تیار کی گئی ہے۔ اس درسی کتاب کے ذریعے 'کرو اور سیکھو' اور 'تجربات کے ذریعے سیکھنا' کے مواقع حاصل ہوں گے۔ روزمرہ زندگی سے ربط میں مزید اور کام کی باتیں اِس کتاب میں دی ہوئی ہیں۔ گھر اور ماحول میں لوگ کون کون سے کام کرتے ہیں، کس طرح کرتے ہیں، ان کاموں کے لیے کون کون سے آلات کا استعمال ہوتا ہے، ان تمام باتوں کی معلومات آپ کو حاصل ہوگی۔ اسی طرح آپ ان کاموں میں شریک ہوکر نئی نئی باتیں سیکھ سکیں گے۔

سماج میں کس طرح رہنا ہے، سماج میں ہمارا برتاؤ کیسا ہو، اچھی عادتیں کون سی ہیں، حفاظت کا خیال کیسے رکھیں، ہنگامی حالات میں ہمیں کیا کرنا چاہیے، ان سے متعلق معلومات حاصل ہوگی۔ مختلف پیشے، محنت کی عظمت اور تمام پیشوں کے لیے احترام کتنا ضروری ہے، یہ بھی آپ کو سمجھ میں آئے گا۔

درسی کتاب کے ذریعے آپ بچوں کو بہت سی دلچسپ سرگرمیاں اور پروجیکٹ کرنے کو ملیں گے۔ جیسے کاغذ کام، مٹی کام، سلائی کام، کھانا پکانا، ڈرائنگ اور بہت سی چھوٹی چھوٹی سرگرمیاں۔ ان سرگرمیوں کی وجہ سے آپ لوگوں کی تخلیقی صلاحیت، مہارتوں اور خود اعتمادی میں اضافہ ہوگا۔ اسی طرح زراعت، فصلیں، پائیں باغ (پرس باغ) وغیرہ سے متعلق بھی معلومات حاصل ہوگی۔ اُمید ہے کہ ان کی وجہ سے آپ لوگوں کو قدرت سے واقفیت ہوگی اور اہمیت کا اندازہ ہوگا۔ یہ سیکھتے ہوئے آپ سوال پوچھیں گے، نئی نئی چیزیں سیکھنے کی کوشش کریں گے اور اپنے دوستوں کے ساتھ سیکھنے کا لطف اُٹھائیں گے۔ آپ اپنے استاد کی رہنمائی میں ان تمام سرگرمیوں کو خوشی خوشی مکمل کریں۔ تو آیئے سیکھیں، کریں اور لطف اُٹھائیں۔

آپ کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات!

(انورادھا اوک)
**ڈائرکٹر**
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پونہ۔
تاریخ: ۱۹/اپریل ۲۰۲۶ء
بھارتی سَور: ویشاکھ ش ۲ شکے ۱۹۴۸

# اساتذہ کے لیے

قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ء کے مطابق 4+3+3+5 تعلیمی خاکہ طے کیا گیا ہے۔ بچوں کی عمر، پسند، ضروریات اور ہمہ گیر نشوونما کو سامنے رکھ کر تعلیم کو مزید تجربات پر مبنی، صلاحیت پر مبنی اور زندگی کے لیے مفید بنانے پر زور دیا گیا ہے۔ اس کے مطابق بنیادی سطح کی تیسری سے پانچویں جماعت کی سطح پر مضمون 'عملی تجربے کی تعلیم' کو طلبہ کی ہمہ گیر نشوونما کی بنیاد مانا جاتا ہے۔ ان باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے چوتھی جماعت کی یہ کتاب 'عملی تجربے کی تعلیم' کی پہلی مرتبہ بطور درسی کتاب تدوین کی گئی ہے۔

درسی کتاب کی تدوین کرتے وقت عمل اور تجربات پر مبنی طریقوں کو شامل کیا گیا ہے۔ فنون، تخلیقیت اور عملی کام کے ذریعے ذہنی، جذباتی، سماجی اور جسمانی نشوونما حاصل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ طلبہ کے لیے 'کرو اور سیکھو'، 'تجربات کے ذریعے آموزش' اور 'زندگی سے مربوط تعلیم' کے اصولوں پر مبنی سرگرمیوں کو ترتیب دیا گیا ہے۔

نصابی ہدف (ن.ہ.)، صلاحیت (ص.) آموزشی ماحصل (آ.م.) اور اکتسابی تجربات کے مطابق مواد کا تعین کیا گیا ہے۔ طلبہ کو روزمرہ زندگی کے کاموں کا مشاہدہ کرنے، مختلف لوازمات اور وسائل سے واقف ہونے، عملی کاموں میں فعال شرکت کی ترغیب دی جاتی ہے۔ گھر، اسکول اور ماحول میں افراد کے کام، ان میں استعمال ہونے والے لوازمات اور وسائل، کام عمدہ طریقے سے مکمل ہونے میں ہمارا کردار ان نکات کی جانب طلبہ میں بیداری پیدا کی گئی ہے۔ سماجی برتاؤ کے اصول، مثبت برتاؤ، سماجی اقدار اور اخلاق، سماج کے تحفظ اور ہنگامی حالات کی معلومات ان اجزا کے ذریعے طلبہ میں بیدار شہری ہونے کا جذبہ فروغ پائے گا۔ مقامی ماحول میں روایتی اور جدید پیشہ وروں سے بات چیت کرکے، طلبہ کے دلوں میں مختلف پیشوں کے تئیں احترام کا جذبہ، محنت کی عظمت کی اہمیت اور سماجی حساسیت پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

زراعت سے متعلق بنیادی معلومات، مقامی فصلیں، پائیں باغ (پرس باغ) اور زراعت سے منسلک پیشوں کو شامل کیا گیا ہے تاکہ طلبہ کو ماحول سے جوڑنے میں مدد ملے اور ان ہیں فطرت کے لیے پیار، بیداری اور تحفظ کا جذبہ پیدا ہوگا۔ اسی طرح پیداواریت کے کاموں میں شریک ہونے کا رجحان پیدا ہوگا۔ درسی کتاب میں مختلف صلاحیتوں سے واقف کرایا گیا ہے۔ دستکاری، سلائی کام، کاغذ کام، مٹی کام، کھانا پکانا، تقریری مہارت، تکنیکی مہارت، اسی طرح عمل پر مبنی سرگرمیوں کو شامل کیا گیا ہے۔ یہ تمام سرگرمیاں تخلیقی صلاحیت کو بڑھاوا دینے والی، خود انحصاری کو فروغ دینے والی اور کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کرنے والی ہیں۔ سرگرمیوں کا انعقاد کرتے وقت طلبہ کی عمر، مقامی حالات، دستیاب وسائل اور طلبہ کی ذاتی رفتار پر غور کرکے تخیل اور جدت طرازی کا استعمال کرنا متوقع ہے۔ درسی کتاب میں دی ہوئی سرگرمیاں نمونے کے طور پر دی ہوئی ہیں۔ ان میں ضروری ترمیم یا توسیع کرنے میں ہرج نہیں ہے۔ البتہ نصاب کی تمام اکائیوں کی آموزش اثر انگیز طور پر ہونا ضروری ہے۔ ہر اکائی کے ذیل میں اساتذہ کے لیے ہدایتیں دی ہوئی ہیں۔

عملی تجربے کی تعلیم مضمون کے لیے حکومت نے مقرر کیے ہوئے پیریڈ کے مطابق سرگرمیوں کو ترتیب دیا گیا ہے۔ اس مضمون میں طلبہ کی ترقی کی قدر پیمائی روایتی طریقے کی بجائے عمل اور مشاہدے پر مبنی ہونا ضروری ہے۔ قدر پیمائی کے مختلف معیار استعمال کرکے سرگرمی، پیش کش، شرکت، تخلیقیت اور ہنرمندی پر غور کرکے مسلسل اور ہمہ جہت قدر پیمائی کرنا متوقع ہے۔

**مخصوص ضروریات کے حامل طلبہ کی درس و تدریس کے لیے اساتذہ اشاراتی علامات کی زبان (Sign Language) اور دیگر معاون تدریسی طریقوں کا استعمال کریں۔ مخصوص ضروریات کے حامل طلبہ کو جس طریقے سے بھی ممکن ہو انھیں اظہار کرنے کا موقع دیں۔**

ریاست کے کئی اساتذہ عملی تجربے کی تعلیم مضمون کی تدریس کو زیادہ مؤثر بنانے کے لیے مختلف جدت بھری سرگرمیاں کراتے ہیں۔ اُمید ہے کہ ایسی سرگرمیوں کی معلومات، تجربہ اور تصاویر پاٹھیہ پستک منڈل کو آپ ارسال کریں گے۔ آپ کے تخیلات اور سرگرمیوں کا تہہ دل سے استقبال کیا جائے گا۔

اکیسویں صدی میں طلبہ تخلیقیت کے ساتھ باصلاحیت اور ذمے دار شہری بنیں اور ان میں خود انحصاری، مسائل کے حل کی صلاحیت اور سماجی احساس فروغ پائے، ان مقاصد کے تحت اس درسی کتاب کے ذریعے ایک اہم اور مثبت اقدام کیا گیا ہے۔ اُمید ہے کہ اساتذہ، سرپرست اور سماج کے افراد اس کا استقبال کریں گے۔

**عملی تجربے کی تعلیم (مضمون کمیٹی)**

پاٹھیہ پستک منڈل، پونہ

# عملی تجربے کی تعلیم - قبل از تیاری سطح (چوتھی جماعت)

| | |
|---|---|
| **نصابی ہدف CG-1** : روزمرہ کے کاموں سے متعلق معلومات حاصل کرنا۔ | |
| **نصابی صلاحیت C-1.1** : گھر کے افراد کے روزمرہ کاموں کے بارے میں معلومات بتانا۔ | **جز** : کام اور وسائل |
| **ذیلی جز** | **آموزشی ماحصل (LOs)** |
| ۱۔ روزمرہ کے کاموں کی تفصیل۔ | ۱۔ گھر کے افراد کے کاموں کا مشاہدہ کرتا ہے۔ |
| ۲۔ روزمرہ کاموں میں لگنے والے لوازمات اور وسائل۔ | ۲۔ روزمرہ کاموں میں لگنے والے لوازمات اور وسائل کی جماعت بندی کرتا ہے۔ |
| ۳۔ کاموں کے لحاظ سے وسائل کی جماعت بندی۔ | ۳۔ کاموں کے لحاظ سے لوازمات اور وسائل کی جماعت بندی کرتا ہے۔ |
| ۴۔ کام میں میری شرکت۔ | ۴۔ روزمرہ کاموں میں شریک ہوتا ہے۔ |
| **نصابی صلاحیت C-1.2** : ماحول میں موجود افراد کے روزمرہ کاموں کے بارے میں معلومات بتانا۔ | **جز** : ماحول کے کاموں کی شناخت |
| ۱۔ کام اور وسائل۔ | ۵۔ ماحول میں افراد کے کاموں کی معلومات بتاتا ہے۔ |
| ۲۔ ماحول میں افراد کو کاموں میں لگنے والے وسائل۔ | ۶۔ ماحول میں افراد کو کاموں میں درکار لوازمات اور وسائل کی معلومات بتاتا ہے۔ |
| ۳۔ عوامی کاموں میں شرکت۔ | ۷۔ ماحول کے کام بہ سہولت چلنے کے لیے اپنا کردار اپنے لفظوں میں بیان کرتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-2** : سماجی زندگی گزارتے ہوئے مثبت برتاؤ کرنا۔ | |
| **نصابی صلاحیت C-2.1** : گھر اور سماج میں مثبت برتاؤ اختیار کرنا۔ | **جز** : سماج |
| ۱۔ سماجی برتاؤ۔ | ۸۔ سماجی برتاؤ کے اُصول سمجھتا ہے۔ |
| ۲۔ سماجی برتاؤ کے مثبت اُصول۔ | ۹۔ سماجی برتاؤ کے مثبت اُصولوں کے مطابق رویہ اختیار کرتا ہے۔ |
| ۳۔ سماج کے تحفظ کے اُصول۔ | ۱۰۔ سماج کے تحفظ کے اُصولوں کی معلومات حاصل کر کے بیان کرتا ہے۔ |
| ۴۔ ہنگامی حالات۔ | ۱۱۔ ہنگامی حالات کے بارے میں معلومات بیان کرتا ہے۔ |
| ۵۔ ہنگامی حالات میں مثبت فکر۔ | ۱۲۔ سماجی تحفظ کے نقطہ نظر سے ہنگامی حالات میں مثبت برتاؤ کرتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-3** : مختلف پیشہ وروں/ کاریگروں کے کاموں کے تئیں تجسّس اور دلچسپی دکھانا۔ | |
| **نصابی صلاحیت C-3.1** : ماحول میں موجود پیشوں اور پیشہ وروں کے کاموں کی معلومات حاصل کرنا۔ | **جز** : ماحول اور پیشے |
| ۱۔ ہمارا ماحول۔ | ۱۳۔ ماحول میں موجود پیشوں کی معلومات حاصل کر کے بتاتا ہے۔ |
| ۲۔ ماحول میں موجود پیشوں کی جماعت بندی۔ | ۱۴۔ روایتی اور جدید پیشوں کی معلومات حاصل کر کے جماعت بندی کرتا ہے۔ |
| ۳۔ ماحول میں موجود پیشہ وروں کی معلومات۔ | ۱۵۔ ماحول کے مختلف پیشہ وروں کی جماعت بندی کرتا ہے۔ |
| ۴۔ ماحول میں موجود پیشہ وروں سے بات چیت۔ | ۱۶۔ ماحول میں موجود پیشہ وروں سے بات چیت کرتا ہے۔ |
| ۵۔ محنت کی عظمت | ۱۷۔ محنت کی عظمت کی اہمیت سمجھتا ہے۔ |
| **نصابی صلاحیت C-3.2** : ماحول کی جاندار اشیا پر مبنی پیداواری کاموں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا۔ | **جز** : ماحول کی فصلیں |
| ۱۔ مقامی فصلیں۔ | ۱۸۔ مقامی ماحول میں فصلوں کی پیداوار کی معلومات حاصل کر کے بتاتا ہے۔ |
| ۲۔ پائیں باغ (پرس باغ)۔ | ۱۹۔ پائیں باغ (پرس باغ) کے بارے میں معلومات بتاتا ہے اور پیداواری کاموں میں حصہ لیتا ہے۔ |
| ۳۔ زراعت سے منسلک پیشے | ۲۰۔ زراعت سے منسلک پیشوں کی جماعت بندی کرتا ہے۔ |
| **نصابی ہدف CG-4** : مختلف مہارتوں کو فروغ دینا۔ | |
| **نصابی صلاحیت C-4.1** : دستکاری، تقریری مہارت اور تکنیکی مہارتوں کو فروغ دینا۔ | **جز** : مہارتوں کا تعارف اور فروغ |
| ۱۔ دستکاری کا فروغ۔ | ۲۱۔ روزمرہ زندگی میں ضروری مہارتوں کی معلومات بتاتا ہے۔ |
| ۲۔ تقریری مہارت کا فروغ۔ | ۲۲۔ روزمرہ زندگی میں تقریری مہارتوں کو بخوبی استعمال کرتا ہے۔ |
| ۳۔ تکنیکی مہارتوں کا فروغ۔ | ۲۳۔ معلوم تکنیکی مہارتوں کا صحیح استعمال کرتا ہے۔ |

# فہرست


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۔ | روزمرّہ کے کام | ۱ |
| ۲۔ | روزمرّہ کاموں کے لیے درکار لوازمات اور وسائل | ۲ |
| ۳۔ | کاموں میں میری شرکت | ۶ |
| ۴۔ | دستکاری | ۸ |
| ۵۔ | ماحول کے کاموں کا تعارف | ۱۰ |
| ۶۔ | کام اور وسائل (لوازمات) | ۱۱ |
| ۷۔ | دستکاری | ۱۶ |
| ۸۔ | میرا پائیں باغ (پرس باغ) | ۱۷ |
| ۹۔ | ہماری فصلیں | ۲۱ |
| ۱۰۔ | آیئے ماحول کی صفائی کریں | ۲۵ |
| ۱۱۔ | دستکاری | ۲۶ |
| ۱۲۔ | سماجی برتاؤ | ۲۸ |
| ۱۳۔ | عوامی کاموں میں شرکت | ۳۰ |
| ۱۴۔ | سماجی برتاؤ کے مثبت اُصول | ۳۳ |
| ۱۵۔ | سماجی تحفظ | ۳۴ |
| ۱۶۔ | دستکاری | ۳۶ |
| ۱۷۔ | ہنگامی حالات | ۳۸ |
| ۱۸۔ | ماحول اور پیشے | ۴۱ |
| ۱۹۔ | دستکاری | ۴۵ |
| ۲۰۔ | آس پاس کے پیشہ وروں کی معلومات | ۴۶ |
| ۲۱۔ | پتّوں اور پھولوں کی جھالر | ۴۸ |
| ۲۲۔ | زراعت سے منسلک پیشے | ۴۹ |
| ۲۳۔ | جدید پیشے | ۵۲ |
| ۲۴۔ | آیئے کمپیوٹر سے دوستی کریں | ۵۳ |
| ۲۵۔ | خرید و فروخت | ۵۶ |
| ۲۶۔ | تقریری مہارت | ۶۰ |
| ۲۷۔ | دستکاری | ۶۱ |


**ہدایت:** مخصوص ضروریات کے حامل طلبہ کی درس و تدریس کے لیے اساتذہ اشاراتی علامات کی زبان (Sign Language) اور دیگر معاون تدریسی طریقوں کا استعمال کریں۔ مخصوص ضروریات کے حامل طلبہ کو جس طریقے سے بھی ممکن ہو انھیں اظہار کرنے کا موقع دیں۔

# ۱ روزمرّہ کے کام

گھر پر ہمیں آرام اور تحفظ کا احساس ہوتا ہے۔ گھر کے کاموں میں آسانی پیدا کرنے کے لیے گھر کے تمام افراد کا فرض ہوتا ہے کہ وہ گھر کے کاموں میں مدد کریں۔ اس مدد کے ذریعے کام جلدی اور آسانی سے ہوتے ہیں۔ ایک ہی فرد پر کاموں کا بوجھ نہیں پڑتا۔ خاندان کا ماحول خوش گوار رہتا ہے۔ خاندان کے افراد کون کون سے کام کرتے ہیں، آئیے سمجھتے ہیں۔

## میرا عمل

۱۔ نیچے دیے ہوئے لوگ کون سے کام کرتے ہیں، لکھیے۔

۱) چاچا : ..........................................................

..........................................................

۲) چاچی : ..........................................................

..........................................................

۳) ماموں: ..........................................................

..........................................................

۴) ممانی : ..........................................................

..........................................................

۵) پھوپھی: ..........................................................

..........................................................

۶) خالہ : ..........................................................

..........................................................

ن.ہ. ۱

ص. ۱ء۱

آ.م. ۱

- طلبہ کے تحریر کردہ کاموں پر بات چیت کریں اور کام کی اہمیت بیان کریں۔
- گھر کے افراد اور ان کے کام کے موضوع پر ڈرامے کا انعقاد کریں۔

# ۲ روزمرّہ کاموں کے لیے درکار لوازمات اور وسائل

روزمرہ زندگی میں ہم کئی کام کرتے ہیں۔ ان کاموں کے لیے ہم مختلف لوازمات اور وسائل استعمال کرتے ہیں۔ ان وسائل کے ذریعے کام جلدی اور آسانی سے ہوتا ہے۔ آیئے ایسے مختلف وسائل کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

## میرا عمل

۱۔ روزمرہ کاموں کا مشاہدہ کرکے کام میں درکار وسائل کی فہرست تیار کیجیے۔

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

۲۔ لوازمات اور وسائل کی تیار کردہ فہرست میں درج وسائل کی کام کے لحاظ سے جماعت بندی کیجیے۔

| صاف صفائی | باغبانی | پکوان | دیگر |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |

۳۔ نیچے دیے ہوئے کاموں کے لیے استعمال کیے جانے والے وسائل کے نام لکھیے۔

۱) دودھ گرم کرنے کے لیے - ..........................................

۲) کھانے کی تمام چیزیں ایک ساتھ پروسنے کے لیے - ..........................................

۳) صحن صاف کرنے کے لیے - ..........................................

۴) گڑھا کھودنے کے لے - ..........................................

۵) اناج سے بھوسا الگ کرنے کے لیے - ..........................................

۶) کوڑا کرکٹ بھر کر پھینکنے کے لیے - ..........................................

۷) چائے چھاننے کے لیے - ..........................................

۸) کھانے پینے کی چیزیں ذخیرہ کرنے کے لیے - ..........................................

ن.ہ. ۱
ص. ۱،۱
آ.م. ۲

- طلبہ کو لوازمات اور وسائل کی پہچان کرائیں۔
- گھر اور کھیتی باڑی میں لگنے والے لوازمات اور وسائل کے استعمال پر بات چیت کریں۔

مفت تقسیم کے لیے

## ۴۔ مناسب جوڑیاں بنائیے۔

- لوازمات اور ان کا استعمال












ن.ہ. ۱
ص. ۱۱ء ۱
آ.م. ۳

- گھر میں استعمال ہونے والے آلات کی معلومات دے کر ان کے استعمال بتائیں۔
- مخصوص کام کے لیے مخصوص لوازمات کی ضرورت ہے۔ بات چیت کے ذریعے سمجھائیں۔

## ۵۔ تصویر مکمل کیجیے۔


















۶۔ دیے ہوئے معمے سے روزمرہ کاموں کے لیے لگنے والے لوازمات اور وسائل کے نام تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ بنائیے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھ | ا | ر | ا | س | ن | س | ی |
| ا | د | چ | م | ٹ | ا | ج | ک |
| ڑ | ر | ی | ہ | ب | ے | ل | ن |
| و | ا | ق | چ | ا | ر | ت | ک |
| ب | ن | ب | ے | ل | ن | ت | و |
| ن | ت | ط | ش | ٹ | م | ن | ک |
| ک | ی | ل | ا | ی | ج | ص | ر |

۷۔ آپ کے گھر میں استعمال ہونے والے لوازمات اور وسائل کی تصویریں چسپاں کر کے ان کے نیچے ان کے نام اور استعمال لکھیے۔

# ۳ کاموں میں میری شرکت

گھر کے چھوٹے بڑے کام کر کے ہم بڑوں کی مدد کر سکتے ہیں۔اس کے ذریعے ہمیں کام کس طرح کرنا ہے، اس کا تجربہ ملتا ہے۔گھر کے کام کرنے کی عادت پیدا ہوتی ہے اور ہم خود کفیل بنتے ہیں۔

## میرا عمل

**۱۔ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب اپنے لفظوں میں لکھیے۔**

- صبح اُٹھنے سے لے کر رات میں سونے تک آپ کے گھر میں کون کون سے کام کیے جاتے ہیں؟

.............................................................................................................

.............................................................................................................

- امی ابا کو کام کرتا دیکھ آپ ان کے کون سے کاموں میں مدد کرنا پسند کریں گے؟

.............................................................................................................

.............................................................................................................

- آپ گھر کے کون کون سے کاموں میں مدد کرتے ہیں؟

.............................................................................................................

.............................................................................................................

**۲۔ گھر والوں کی مدد کرنے کے لیے آپ کون سے کام کرتے ہیں؟ ان کاموں کے سامنے کے چوکون میں ✓ کا نشان لگائیے۔**

۱۔ اسکول جانے کے لیے خود سے تیار ہونا۔ (یونیفارم پہننا، بال سنوارنا وغیرہ) ☐

۲۔ بازار سے لائی ہوئی سبزی ترکاریوں کو الگ الگ کرنا۔ ☐

۳۔ پودوں کو پانی دینا۔ ☐

۴۔ سامان کی تھیلی اُٹھانے میں مدد کرنا ☐

۵۔ بستر تہہ کرنا۔ ☐

۶۔ مہمانوں کو پانی پلانا۔ ☐

- ذہن نشین کرائیں کہ کوئی کام چھوٹا یا بڑا نہیں ہوتا۔
- مختلف کاموں کی فہرست بنا کر اُن کاموں میں مدد کرنے سے کام کس طرح آسان ہو جاتے ہیں، اس کی اہمیت بیان کریں۔

## ۳۔ آیئے مددگار بنیں۔

**درکار سامان :** کاغذ/ کارڈ شیٹ، اسکیچ پین/ روغنی کھریا، رنگ، پنسل وغیرہ۔

**عمل :** کاغذ/ کارڈ شیٹ پر ہاتھ کے پنجے کا نشان بنا کر ہر انگلی پر اپنی پسند کے کام کے نام لکھیے۔

## ۴۔ آیئے نیا کام سیکھیں۔

- پودا لگانے کے لیے گملے میں مٹی بھریے اور پودا لگائیے۔
- گھر کے کوڑا کرکٹ کی گیلے اور سوکھے کچرے میں جماعت بندی کیجیے۔

## ۵۔ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب اپنے لفظوں میں لکھیے۔

- دیگر کون سے نئے کام آپ نے سیکھے ہیں؟

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

- گھر کو صاف ستھرا اور سلیقے سے رکھنے کے لیے آپ کیا کریں گے؟

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

ن.ہ. ۱
ص. ۱۱
آ.م. ۴

- طلبہ کے ذریعے تیار کیے ہوئے مددگار ہاتھ کمرۂ جماعت کی دیوار پر لگائیں۔
- طلبہ کے کیے ہوئے کاموں یا کی ہوئی مدد کا اندراج بیاض میں کریں۔
- درج بالا سرگرمی نامہ حل کرا کے گھر کے کاموں میں مدد کرنے سے متعلق بات چیت کریں۔

# ۴ دستکاری

ہمارے ملک کے کئی تہوار-تقریب میں رنگولی بنائی جاتی ہے۔رنگولی خوبصورت اور مسرت بخش دستکاری کی ایک قسم ہے۔

## میرا عمل

### ا۔ رنگولی

**نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل کا استعمال کر کے تصویروں کے ترتیب وار عمل کے مطابق رنگولی بنائیے۔**

**لوازمات اور وسائل :** رنگولی کے رنگ (پسند کے مطابق)، کھریا، ناپ پٹی، ہاتھ پونچھنے کے لیے کپڑا وغیرہ۔




ن.ہ. ۴
ص. ۴،۱
آ.م. ۲۱،۲

- مختلف رنگولی بنانے کی مشق کرائیں۔
- رنگولی کی نمائش کا انعقاد کریں۔

## ۲۔ تہنیتی کارڈ

نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل کا استعمال کر کے تصویروں کے ترتیب وار عمل کے مطابق تہنیتی کارڈ بنائیے۔

**لوازمات اور وسائل :** رنگین کاغذ، قینچی، پنسل، گوند، بڑا سفید کاغذ، کندن، ٹکلیاں، اسکیچ پین وغیرہ۔



























# ۵ ماحول کے کاموں کا تعارف

ہماری روزمرہ زندگی کو آرام دہ بنانے کے لیے آس پاس کے کئی افراد مختلف کام کرتے ہیں۔ ان کاموں کی وجہ سے ہماری زندگی آسان بنتی ہے۔ آئیے مختلف کاموں کا تعارف حاصل کریں۔

## میرا عمل

**بتائیے تو بھلا میں کیا کام کرتا ہوں؟**



______________



______________




______________



______________



______________



______________



______________



______________



______________

ن.ہ. ۱
ص. ۲.۱ء۱
آ.م. ۵

- دی ہوئی تصویروں پر بات چیت کر کے مختلف کاموں کے فائدے بتائیں۔

# ۶ کام اور وسائل (لوازمات)

ہر کام کو کرنے کے لیے مخصوص لوازمات اور وسائل کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان لوازمات کی وجہ سے کام آسان اور صحیح طریقے سے ہوتا ہے۔ لوازمات کا استعمال کرنے سے وقت اور محنت کی بچت ہوتی ہے۔ لہٰذا مختلف کاموں میں استعمال ہونے والے وسائل سے واقف ہونا ضروری ہے۔

## میرا عمل

۱۔ ذیل میں بینک کیشئر، پلمبر، وڑا پاؤ بیچنے والا، وائرمین/ الکٹریشین، کمپیوٹر آپریٹر اور مصور کی تصویریں دی ہوئی ہیں۔ ان کے کاموں کے لیے درکار وسائل کے نام لکھیے۔














- مخصوص کام کے لیے مخصوص لوازمات اور وسائل کی ضرورت ہوتی ہے۔ کام کو صحیح طریقے سے کرنے کے لیے ان لوازمات اور وسائل کے استعمال سے واقف ہونا ضروری ہے۔ اس کی وضاحت کریں۔

## ۲۔ نیچے دیے ہوئے کاموں کے لیے درکار اشیا اور وسائل کی فہرست تیار کیجیے۔

سلائی کے کام: ..............................

..............................

کھیتی باڑی کے کام: ..............................

..............................

صفائی کے کام: ..............................

..............................

## ۳۔ آس پاس موجود کسی پیشہ ور کا انٹرویو لینے کے لیے سوالنامہ تیار کیجیے۔

..............................

..............................

..............................

..............................

..............................

..............................

..............................

..............................

..............................

..............................

..............................

..............................

..............................

ن.ہ. ۱
ص. ۲ء۱
آ.م. ٦

- آس پاس موجود کسی پیشہ ور کا انٹرویو لینے کے لیے سوال نامہ تیار کرائیں۔ پیشہ ور کا انٹرویو لینے کا موقع فراہم کریں۔ (یہ سرگرمی کرانا لازمی ہے)
- مثالی نکات: (۱) پیشہ ور کا نام، (۲) اس کے کام، (۳) کام کی نوعیت- وقت، (۴) آمدنی

۴۔ ذیل میں ہمارے آس پاس موجود چند پیشہ وروں اور ان کے استعمال کے وسائل کی تصویریں دی ہوئی ہیں۔ان وسائل کو وہ کس طرح استعمال کرتے ہیں،، جدول میں لکھیے۔

| کام | وسائل | وسائل کا استعمال |
|---|---|---|
|  | اسٹیتھسکوپ  | |
|  | سلائی مشین، ناپ پٹی  | |
|  | سوئی/ پھول/ دھاگا  | |
|  | ترازو  | |

| | | |
|---|---|---|
|  | کھراٹا جھاڑو<br> | |
|  | کھریا، ڈسٹر<br> | |
|  | ٹریکٹر<br> | |
|  | پانا اور اسکرو ڈرائیور<br> | |

ن.ہ. ۱
ص. ۲ء۱
آ.م. ۶

- لوگوں کے کاموں کے لیے درکار مختلف لوازمات اور وسائل کے استعمال کی اہمیت بتائیں۔

## سواریوں کو درست کرنے کے لیے درکار لوازمات اور وسائل

ہم آمد و رفت کے لیے مختلف سواریوں کا استعمال کرتے ہیں مثلاً بس، کار، سائیکل، موٹر سائیکل، رکشا وغیرہ۔ ان سواریوں کے بگڑنے پر ان کی مرمت کرنے والا میکانیک سواریوں کی مرمت کے لیے ذیل میں دیے ہوئے لوازمات اور وسائل استعمال کرتا ہے۔



۱۔ **پانا** : نٹ بولٹ کسنا اور ڈھیلا کرنا۔



۲۔ **اسکرو ڈرائیور** : اسکرو کسنا یا ڈھیلا کرنا۔



۳۔ **جیک** : گاڑی کو اوپر اُٹھانا۔



۴۔ **ہوا بھرنے کی مشین** : پہیے میں ہوا بھرنا۔



۵۔ **پکّڑ** : چیز کو مضبوطی سے پکڑنا۔



۶۔ **نٹ بولٹ** : دو حصوں کو جوڑنا۔



۷۔ **ٹائر ٹیوب** : گاڑی کا اچھی طرح چلنا۔



۸۔ **کپڑا** : گاڑی پونچھنے/ صاف کرنا۔

۵۔ **اطراف میں سواریوں کی مرمت کرنے اور دیکھ بھال کرنے کی گیریج میں جا کر وہاں کے لوازمات کس طرح استعمال کیے جاتے ہیں، اس کا مشاہدہ کیجیے۔**

ن.ہ. ١
ص. ٢ء١
آ.م. ٦

• اپنے آس پاس موجود کسی گیریج کی سیر کا انعقاد کریں۔ (یہ سرگرمی کرانا لازمی ہے)

# ۷ دستکاری

ہمارے ہم وطن مختلف کچھ تہواروں میں گھر کو سجاتے ہیں۔ اس کے لیے کاغذی پھولوں سے بنائے ہوئے آکاش قندیل استعمال کرتے ہیں۔ آکاش قندیل بنا کر بیچنے پر ہمارا معاشی فائدہ بھی ہوسکتا ہے۔

## میرا عمل

### آکاش قندیل

**لوازمات اور وسائل :** دو رنگوں کے گھوٹیلے کاغذ، کارڈ شیٹ، پٹی، پنسل، قینچی، گوند، دھاگا، سنہری کاغذ یا ٹیپ وغیرہ۔

دی ہوئی ترتیب کے لحاظ سے عمل کر کے آکاش قندیل تیار کیجیے۔




- دیے ہوئے عمل کے مطابق آکاش قندیل تیار کرائیں۔

# ۸ میرا پائیں باغ (پرس باغ)

اپنے گھر یا اسکول کے صحن میں، عمارت کے اطراف میں دستیاب خالی جگہ میں پائیں باغ (پرس باغ) بنایا جا سکتا ہے۔
پائیں باغ (پرس باغ) سے ہمیں پھل، پھول اور طبّی نباتات ملتی ہیں۔

## میرا عمل

**ا۔ پائیں باغ (پرس باغ) کی سیر کیجیے اور نیچے دیے ہوئے نکات کا مشاہدہ کر کے بات چیت کیجیے۔**

*** پائیں باغ (پرس باغ) کیسا ہو :**

- پائیں باغ (پرس باغ) کے لیے زمین قابلِ نمو، بھرپور سورج کی روشنی والی ہو۔
- دستیاب جگہ کے مطابق بوائی کیجیے۔
- پانی کی فراہمی کا مناسب انتظام ہونا چاہیے۔
- جانوروں سے حفاظت کے لیے پائیں باغ کے اطراف باڑ لگائیے۔

*** پائیں باغ (پرس باغ) کے لیے ضروری لوازمات اور وسائل :**

چھوٹی بالٹی، گملے، کھرپی، جھارا، مٹی، کھاد، بیج یا پودے وغیرہ۔

*** پائیں باغ (پرس باغ) لگانے کا طریقہ :**

- **مٹی تیار کرنا :** مٹی سے پتھر، کنکر نکال کر نرم مٹی تیار کیجیے۔
- **کھاد ڈالنا :** کیاری تیار کرتے وقت مٹی میں کھاد ملائیے۔

**کھاد کی قسمیں :** (۱) کمپوسٹ کھاد (۲) گوبر کھاد (۳) کیچوا کھاد (۴) سبز کھاد

- **پانی دینا :** حسبِ ضرورت جھاری سے آہستہ آہستہ پانی دیجیے۔ زیادہ پانی جمع ہونے نہ دیں۔
- **بیج بونا :** مناسب فاصلے پر بیج بوئیے یا پودے لگائیے۔ ضرورت ہو تو بیجوں پر مٹی کی ہلکی تہہ ڈالیے۔
- **دیکھ بھال :** لگائے ہوئے پودوں کی دیکھ بھال ضروری ہے۔ غیر ضروری گھاس پھوس کو صاف کیجیے۔



ن.ہ. ۳
ص. ۲،۳
آ.م. ۱۹

- کسی پائیں باغ کی سیر کرا کر معلومات دیں۔ (یہ سرگرمی کرانا لازمی ہے)
- پائیں باغ (پرس باغ) میں کون کون سے پودے، سبزیاں اور بیل لگاتے ہیں، ان کی فہرست بنانے کے لیے کہیں۔

۲۔ آپ کے مشاہدہ کیے ہوئے پائیں باغ میں کون کون سے پودے لگے ہیں، فہرست بنائیے۔

۱۔ ........................ ۲۔ ........................ ۳۔ ........................

۴۔ ........................ ۵۔ ........................ ۶۔ ........................

۳۔ گھر یا اسکول کے احاطے میں گملوں میں میتھی، ہرا دھنیا، ٹماٹر، مرچ جیسی جلد اُگنے والی سبزیاں لگائیے۔

۴۔ پھلوں کا سلاد (فروٹ سلاد)

پائیں باغ (پرس باغ) میں مختلف پھلوں کے درخت بھی لگائے جاتے ہیں۔ ان درختوں سے ملنے والے پھلوں سے لذیذ اور غذائیت سے بھر پور سلاد تیار کیا جا سکتا ہے۔

درج ذیل لوازمات اور وسائل کا استعمال کر کے تصویروں کی ترتیب کے مطابق استاد کی ہدایت کے مطابق عمل کیجیے۔

**لوازمات اور وسائل :** چیکو، کیلا، تربوزہ، سنترا، موسمبی، انگور، سیب، پیر، دستیاب پھل، چاٹ مسالہ، کٹورا، چھری، پھل چھیلنے کا آلہ، چمچ اور کٹوریاں وغیرہ۔



پھلوں کو اچھی طرح دھوئیے۔



ضروری پھلوں کے چھلکے نکالیے۔



پھلوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کیجیے۔



تمام ٹکڑوں کو بڑے برتن میں جمع کیجیے۔



ٹکڑوں پر چاٹ مسالہ ڈالیے۔



چاٹ مسالہ ڈال کر ملائیے۔




تیار ہونے والا غذائیت سے بھر پور اور لذیذ سلاد کٹوری میں لے کر دوسروں کو دیجیے اور خود بھی کھائیے۔

- پائیں باغ (پرس باغ) کس طرح تیار کرنا ہے، اس کی وضاحت کریں۔ پائیں باغ (پرس باغ) تیار کرنے کے لیے کہیں۔
- فروٹ سلاد بنانے کے لیے پائیں باغ کے پھل استعمال کریں یا طلبہ کو دستیابی کے مطابق پھل گھر سے لانے کے لیے کہیں۔
- طلبہ کی مدد سے فروٹ سلاد تیار کرائیں۔

## پائیں باغ (پرس باغ) کی دیکھ بھال اور سجاوٹ

پائیں باغ (پرس باغ) کے درختوں کی حفاظت کرنے کے لیے باڑ لگانا ضروری ہے۔ باڑ اگر خوبصورت ہوتو پائیں باغ (پرس باغ) مزید خوبصورت بن سکتا ہے۔ پائیں باغ (پرس باغ) کے لیے باڑ بنانے کے لیے استعمال شدہ پلاسٹک کی بوتلیں بھی استعمال کی جاسکتی ہیں۔اس طرح استعمال شدہ پلاسٹک کی بوتلوں کا دوبارہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

### میرا عمل

**ا۔ نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل کا استعمال کرکے ترتیب کے مطابق عمل کیجیے۔**

**لوازمات اور وسائل :** پلاسٹک کی استعمال شدہ بوتلیں، مٹی، واٹر کلر، کھرپی، پانی وغیرہ۔

ا۔ پہلے پلاسٹک کی بوتلوں کو اچھی طرح صاف کرکے الگ الگ رنگ دیجیے۔

۲۔ رنگ سوکھنے کے بعد مٹی بھر کر ڈھکن لگائیے۔

۳۔ اسکول کے احاطے میں پائیں باغ (پرس باغ) کے کنارے ضروری مقامات پر کھرپی کی مدد سے گڑھے کھودیے۔

۴۔ ان گڑھوں میں رنگ کی ہوئی بوتلوں کو (بوتل کا منہ نیچے کی طرف رکھ کر) کھڑا کیجیے۔ نکالی ہوئی مٹی بوتل کے گرد ڈال کر بوتل کو مضبوطی سے کھڑا کیجیے۔

۵۔ بوتل کے نچلے حصے میں موجود مٹی کو مضبوطی سے تھامے رکھنے کے لیے اوپر سے تھوڑا پانی چھڑک کر ہاتھ سے مٹی کو دبائیے۔






۲۔ خالی باکس یا کپ پرستلی یا آئسکریم کی تیلیاں چپکا کر قلم دان بنائیے۔



ن.ہ. ۴
ص. ۴،۱
آ.م. ۲۱،۲

• استعمال شدہ چیزوں سے بنائی ہوئی چیزوں کی نمائش کا انعقاد کریں۔

# ۹ ہماری فصلیں

**ٹیچر** : بولو بچو! آج آپ لوگوں نے ڈبے میں کیا کیا لایا ہے؟

**سمیر** : آج میں باجرہ کی روٹی اور میتھی کی بھاجی لایا ہوں۔

**ثنا** : آج میں دال چاول اور آلو کی سبزی لائی ہوں۔

**ٹیچر** : واہ خوب! مگر سمیر تم کو پتا ہے کیا؟ تمھارے ڈبے میں یہ'باجرا' اور'میتھی' کہاں سے آئی ہے؟

**سمیر** : (سوچتے ہوئے) امّی دکان سے لاتی ہیں۔ مگر ابو بولتے ہیں یہ کھیتوں میں اُگائی جاتی ہیں۔

**ٹیچر** : بالکل صحیح! ہمارے آس پاس میں کسان چاچا بہت محنت کر کے کھیتی کرتے ہیں۔ ریحان، تمھارے گھر کے پیچھے جو کھیت ہے، وہاں کون سی سبزی اگائی جاتی ہے؟

**ریحان**: ٹیچر، وہاں پر ابھی باجرے کی کٹائی ہوئی ہے اور بازو کے حصے میں تھوڑا چنا لگایا گیا ہے۔

**ٹیچر** : خوب! جوار، باجرہ، چاول، چنا، تور دال، کپاس، گنا وغیرہ کئی مقامی فصلیں ہیں۔

**ثنا** : ٹیچر، مگر ہمیں سبزی اور پھل کہاں سے ملتے ہیں؟

**سمیر** : اور ٹیچر پھول بھی؟

**ٹیچر** : جیسے اناج، گنا، کپاس کی کھیتی کی جاتی ہے اسی طرح سبزی ترکاری، پھل اور پھول کے بڑے بڑے باغ ہوتے ہیں۔ وہاں سے ہمیں یہ چیزیں ملتی ہیں۔

آیئے، کون سی جگہ کون سی فصل اُگائی جاتی ہے، یہ ہم گیت کے ذریعے سمجھتے ہیں۔ اس گیت میں مقامی فصلوں کے بارے میں ضرور ذکر کیجیے۔



**میرا عمل**

۱۔ استاد کے ساتھ کھیت کی سیر کیجیے اور کسان کا انٹرویو لیجیے۔

## ۲۔ اجتماعی گیت

گاڑی آئی، گاڑی آئی — چلو چلو جی
گاڑی رکی ہے، گاڑی رکی — چڑھو چڑھو جی
گاڑی آئی **سانگلی** سے — **ہلدی** لائی بھر بھر کے
ساری **ہلدی** اتارو جی — چلو چلو جی
گاڑی آئی **جلگاؤں** سے — **کیلے** لائی بھر بھر کے
سارے **کیلے** اتارو جی — چلو چلو جی
گاڑی آئی **بھیواپور** سے — **مرچیں** لائیں بھر بھر کے
ساری **مرچیں** اتارو جی — چلو چلو جی
گاڑی آئی **جالنہ** سے — **جوار** لائی بھر بھر کے
ساری **جوار** اتارو جی — چلو چلو جی
گاڑی آئی **ناشک** سے — **انگور** لائی بھر بھر کے
سارے **انگور** اتارو جی — چلو چلو جی
گاڑی آئی **رتناگری** سے — **ہاپوس** لائی بھر بھر کے
سارے **آم** اتارو جی — چلو چلو جی
گاڑی آئی **گھولوڑ** سے — **چیکو** لائی بھر بھر کے
سارے **چیکو** اتارو جی — چلو چلو جی
گاڑی آئی **ستارا** سے — **لہسن** لائی بھر بھر کے
سارا **لہسن** اتارو جی — چلو چلو جی
گاڑی آئی **سولاپور** سے — **تور** لائی بھر بھر کے
ساری **تور** اتارو جی — چلو چلو جی
گاڑی آئی **لاتور** سے — **چنے** لائی بھر بھر کے
سارے **چنے** اتارو جی — چلو چلو جی
گاڑی آئی ، گاڑی آئی — خوشیاں لائی بھر بھر کے
خوشیاں مل کر بانٹو جی — چلو چلو جی

- گیت کو سر اور تال میں سنائیں۔
- مقامی سطح کی فصلوں کی نشاندہی کرتے ہوئے گیت کو اجتماعی طور پر گانے کے لیے کہیں۔
- غذائی اناج کی اہمیت اور کسانوں کی محنت کا احساس دلائیں۔

ن.ہ. ۳
ص. ۲،۳
آ.م. ۱۸

مفت تقسیم کے لیے

۳۔ نیچے دی ہوئی جدول مکمل کیجیے۔

| اناج | دالیں | پھل | سبزیاں | ترکاریاں | پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | | | | | |
| ۲۔ | | | | | |
| ۳۔ | | | | | |
| ۴۔ | | | | | |
| ۵۔ | | | | | |

۴۔ فصلوں کی تصاویر دیکھیے اور نام لکھیے۔
















۵۔ مختلف قسم کے اناج / بیج کے نمونے چھوٹی چھوٹی پلاسٹک کی تھیلی میں رکھیے۔ کارڈ شیٹ پر درختوں کی تصاویر چسپاں کر کے ان پر جمع کیے ہوئے نمونے چسپاں کیجیے۔

۶۔ علاقائی سیر

ٹیچر کی رہنمائی میں اپنے اطراف کے کسی کھیت یا باغ کی سیر کیجیے۔ ذیل کے نکات کی مدد سے معلومات حاصل کر کے اندراج کیجیے۔

ا۔ کسان کا نام (جن کے کھیت کی سیر کی ہے، ان کا نام)

.................................................................................................................................

۲۔ مقام/گاؤں -

.................................................................................................................................

۳۔ تاریخ، وقت -

.................................................................................................................................

۴۔ کون کون سے درخت/فصلیں ہیں؟

.................................................................................................................................

۵۔ بیج بونے سے لے کر فصل کی کٹائی تک کتنا وقت درکار ہوتا ہے؟

.................................................................................................................................

۶۔ درختوں کو پانی کہاں سے دیا جاتا ہے؟ (کنواں/ ندی/ تالاب)

.................................................................................................................................

۷۔ پانی دینے کا طریقہ کون سا ہے؟ (قطرہ قطرہ آبپاشی/فوارہ آبپاشی/نہر کا طریقہ)

.................................................................................................................................

۸۔ کھیتی کے لیے کون سی کھاد استعمال کی جاتی ہے؟ (گوبر کھاد/ کیچوا کھاد/ کمپوسٹ کھاد/ سبز کھاد)

.................................................................................................................................

۹۔ درختوں کو بیماریوں سے بچانے کے لیے کیا تدابیر کرتے ہیں؟

.................................................................................................................................

۱۰۔ کھیت میں آپ کو کون سی مشینیں یا آلات نظر آئے؟

.................................................................................................................................

۱۱۔ کسان سے بات چیت کر کے کاشتکاری میں آنے والے مسائل اور ان کے تجربات کو تحریر کیجیے۔

.................................................................................................................................

- علاقائی سیر کی منصوبہ بندی کریں۔ (یہ سرگرمی لازمی ہے)

# ۱۰ آئیے ماحول کی صفائی کریں

ہمارے آس پاس مختلف پیشہ ور کچھ نہ کچھ کام کرتے رہتے ہیں۔ مثلاً کسان کھیتی کرتا ہے، ڈاکٹر مریضوں کا علاج کرتا ہے، خاکروب علاقے کی صفائی کرتا ہے وغیرہ۔ یہ تمام کام اہمیت رکھتے ہیں۔ ان تمام کاموں کا ہمیں احترام کرنا چاہیے۔



## میرا عمل

**۱۔ اپنے ماحول کی صفائی کیجیے اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔**

- صاف صفائی نہ کرنے سے کیا ہوگا؟

.................................................................................................

- آپ خاکروب کا احترام کس طرح کریں گے؟

.................................................................................................

- ہماری مدد کرنے والے لوگوں کی فہرست بنائیے۔

.................................................................................................

**۲۔ آپ کے گھر یا اسکول میں کام کرنے والی خالہ یا چاچا کے جنم دن پر کاغذ سے پھول اور اخبار سے گل دان تیار کیجیے اور انھیں تحفہ دیجیے۔**

- طلبہ کو آس پاس کی صفائی کی اہمیت بتائیں۔
- محنت کی عظمت کے بارے میں کہانیاں سنائیں۔
- مختلف خاص دن مناتے وقت صفائی ملازمین کو بلا کر ان کا اعزاز کریں۔

ن.ہ. ۳
ص. ۱ء۳
آ.م. ۱۷

## ۱۱ دستکاری

گھر میں موجود چیزوں کا استعمال کرتے ہوئے خوبصورت اور پرکشش چیزیں تیار کر سکتے ہیں۔ جن کا استعمال ہم تحفہ دینے کے لیے بھی کر سکتے ہیں۔

### میرا عمل

### ۱۔ گل دان

نیچے دی ہوئی چیزوں کا استعمال کر کے تصویروں کی ترتیب کے مطابق گل دان تیار کیجیے۔

**لوازمات اور وسائل**: پرانے اخبارات،، چھوٹی رکابی، پلاسٹک کی بوتل، فیوی کال، گوند، آبی کلر، برش، پانی وغیرہ۔



۱) ایک پلاسٹک کی بوتل لیجیے۔ اخبار کے ٹکڑے ٹکڑے کیجیے۔



۲) برتن میں پانی میں لے کر گوند/ فیوی کال ملائیے۔



۳) کاغذ کا ایک ایک ٹکڑا پانی میں بھگو کر بوتل پر چسپاں کیجیے۔





۴) کاغذ اس طرح چپکائیے کہ بوتل پوری طرح ڈھک جائے۔



۵) بوتل کو سوکھنے دیجیے۔



۶) سوکھی ہوئی بوتل کو پسندیدہ رنگ دیجیے۔



۷) رنگ سوکھ جانے کے بعد ٹکلیاں، موتی چپکائیے اور اچھا سا گل دان تیار کیجیے۔

- تیار کی ہوئی چیزوں کی نمائش کریں اور انھیں فروخت کریں۔

## ۲۔ گلدستہ

نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل استعمال کر کے دی ہوئی تصاویر کی ترتیب کے مطابق گلدستہ تیار کیجیے۔

**لوازمات اور وسائل :** پتلا کارڈ شیٹ (پتوں کے لیے ہرا اور پھولوں کے لیے رنگ برنگی کارڈ شیٹ)، گوند، اسکیچ پین، موتی، کندن، ٹکلیاں وغیرہ۔







# سماجی برتاؤ

ہم ایک ساتھ مل کر تقریب مناتے ہیں۔ اس کے ذریعے ایک دوسرے سے میل ملاپ ہوتا ہے۔ نئے لوگوں سے پہچان ہوتی ہے۔ ماحول خوشگوار بنتا ہے۔ نئی نئی معلومات حاصل ہوتی ہے۔ نئی باتیں سیکھنے کو ملتی ہیں۔ مدد کرنے کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔ لوگوں میں اتحاد پیدا ہوتا ہے۔

## تقریب مناتے وقت درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

۱۔ ایک دوسرے کی عزّت کیجیے۔
۲۔ صاف صفائی کا خیال رکھیے۔
۳۔ اسپیکر کی آواز کم رکھیے۔
۴۔ بزرگوں اور چھوٹے بچوں کا خاص خیال رکھیے۔
۵۔ نظم وضبط قائم رکھیے۔
۶۔ تقریب کی وجہ سے ٹرافک جام نہ ہو، اس بات کا خیال رکھیے۔
۷۔ اناج، پانی، بجلی کا استعمال کفایت شعاری سے کیجیے۔

## میرا عمل

۱۔ اسکول میں نظم وضبط قائم رکھنے کے لیے اصولوں کی فہرست بنائیے۔

---

---

---

---

---

---

---

ن.ہ. ۲
ص. ۲،۱
آ.م. ۸

- اسکول میں نظم وضبط قائم رکھنے کے لیے اصول وضوابط کی فہرست بنوائیں۔
- خوشی خوشی تقریب مناتے وقت دوسروں کو تکلیف نہ ہو، اس بات کا خاص خیال رکھنا ہماری ذمے داری ہے، یہ بات اچھی طرح سمجھائیں۔




**۲۔ تصویر کا مشاہدہ کیجیے اور اس میں صحیح اور غلط باتوں کی فہرست بنائیے۔**

صحیح باتیں : ..................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

غلط باتیں : ..................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

- فہرست کی جانچ کر کے مثبت رویے کے بارے میں رہنمائی کریں۔

# ۱۳ سماجی کاموں میں شرکت

ہم کئی سماجی سہولتوں کا استعمال کرتے ہیں، مثلاً عوامی باغ، سڑکیں، ریلوے اسٹیشن، بس اسٹاپ، اسکول، اسپتال، طہارت خانے وغیرہ۔ان کا صحیح استعمال کرنا اور صاف صفائی رکھنا ہمارا فرض ہے۔

**واقعہ ۱ : عوامی باغ -**

ثمینہ اور عارف گھر کے قریب باغ میں جاتے ہیں۔ عارف کھانے کے بعد کھانے کے پیکٹ زمین پر پھینک دیتا ہے )

ثمینہ : یہ پیکٹ اُٹھا کر کوڑے دان میں ڈالو

عارف : ارے! یہ عوامی باغ ہے۔ یہاں کوئی بھی کچرا ڈال دے تو کیا فرق پڑتا ہے؟

ثمینہ : عوامی باغ کا مطلب ہم سب کا باغ۔ یہاں کچرا نہ ڈالنا اور صاف صفائی رکھنا ہم سب کی ذمے داری ہے۔

عارف : ہاں ثمینہ،تم نے بالکل صحیح کہا۔آج کے بعد میں عوامی مقامات پر صفائی کا خیال رکھوں گا۔

**واقعہ ۲ : بس کا سفر**

(مینا بس کی سیٹ پر پین سے کچھ لکھ رہی ہے )

راجو : مینا، رُکو! بس کی سیٹ پر لکھنا یا اسے کھرچنا غلط ہے۔

مینا : یہ بس ہماری تھوڑی ہے۔

راجو : یہ بس ہم سب کی ہے۔

کنڈکٹر : بالکل صحیح! عوامی ملکیت کی حفاظت کرنا عوامی کاموں میں ہمارا سب سے بڑا تعاون ہے۔

- **علاقائی سیر :** بس اسٹاپ یا ریلوے اسٹیشن کی سیر پر لے جا کر صفائی ملازمین سے بات چیت کا موقع فراہم کریں۔
- درج بالا بات چیت کو ڈرامائی شکل میں پیش کرنے کے لیے کہیں۔

ن.ہ. ۱
ص. ۲۰۱
آ.م. ۷

## میرا عمل

ا۔ دیے ہوئے کاموں میں سے آپ جو جو کام کرتے ہیں، ان کے سامنے ✓ نشان لگائیے۔

ا۔ کچرا کوڑے دان میں ڈالنا۔ ☐

۲۔ عوامی مقامات پر شور وغل نہ کرنا۔ ☐

۳۔ ٹریفک کے اصولوں پر عمل کرنا۔ ☐

۴۔ قطار میں کھڑے رہنے کی عادت کو اپنانا۔ ☐

۵۔ ایمبولینس کی آواز سن کر راستہ دینا۔ ☐

٦۔ پیدل چلتے وقت فٹ پاتھ کا استعمال کرنا۔ ☐

۷۔ عوامی ملکیت کی حفاظت کرنا۔ ☐

۸۔ اسکول کی چیزوں کا خیال رکھنا۔ ☐

۹۔ کتب خانے کی کتابوں کو احتیاط سے استعمال کرنا۔ ☐

۱۰۔ عوامی بیت الخلا/ طہارت خانوں کا استعمال کرنے کے بعد صفائی رکھنا۔ ☐

- درج بالا عمل کے ذریعے طلبہ عوامی کاموں میں کس طرح شریک ہو سکتے ہیں، اس موضوع پر بات چیت کریں اور مثبت برتاؤ کے بارے میں سمجھائیں۔
- سیاحتی مقامات پر اپنے ثقافتی ورثے کے تحفظ پر گفتگو کریں۔

ن.ہ. ا
ص. ۲ء۱
آ.م. ۷

## ۲۔ دی ہوئی تصویروں کا مشاہدہ کیجیے اور دیے ہوئے واقعے کو اپنے لفظوں میں لکھیے۔








ن.ہ. ۲
ص. ۲ء۱
آ.م. ۹

• سماج/اسکول میں رہتے ہوئے مثبت رویے کے نکات کا اندراج کریں۔

## ۱۴ سماجی برتاؤ کے مثبت اصول

سماج میں رہتے ہوئے سب کی زندگی آسان اور خوشگوار بننے کے لیے جن اصولوں پر عمل کرنا ضروری ہے، انھیں سماجی برتاؤ کے اصول کہتے ہیں۔

- **اصولوں کی پاسداری کرنے سے سماج میں نظم وضبط برقرار رہتا ہے اور سب کی زندگی آسان ہو جاتی ہے۔**

### اصولوں کی اہمیت

- سماج میں امن برقرار رہتا ہے
- سب کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم ہوتے ہیں۔
- کسی کے ساتھ بھی ناانصافی نہیں ہوتی۔
- ملک کے ذمے دار شہری کے طور پر اپنی ترقی ہوتی ہے۔

آیئے، سماجی برتاؤ کے کچھ اہم مثبت اصولوں کو سمجھتے ہیں۔

۱۔ **عوامی ملکیت کا خیال رکھنا :** اسکول، باغ، سڑکیں، بس وغیرہ ہم سب کے ہیں۔ ان کی اور ان کی تمام چیزوں کا خیال رکھنا، صفائی رکھنا، بجلی کی بچت کرنا ہمارا فرض ہے۔

۲۔ **نظم وضبط اور قطار کی پابندی کرنا:** قطار پر عمل کرنے سے افراتفری نہیں ہوتی۔

۳۔ **ماحول کا تحفظ کرنا:** درخت لگانا اور بڑا کرنا، درخت کی دیکھ بھال کرنا، پانی کی بچت کرنا، آلودگی پر روک لگنے والا برتاؤ اختیار کرنا ہماری ذمے داری ہے۔

۴۔ **مدد کرنا :** ضرورت مندوں کی مدد کرنا ہمارا فرض ہے۔

۵۔ **عزّت اور اپنائیت سے پیش آنا :** چھوٹے بڑے، غیر مقامی لوگوں، دیگر مذاہب کے لوگوں اور معذور افراد وغیرہ کے ساتھ محبت، عزت واحترام اور اپنائیت سے پیش آنا چاہیے۔

۶۔ **اصولوں کی پاسداری کرنا :** جگہ جگہ بنائے ہوئے اُصولوں پر ہر فرد کا عمل کرنا ضروری ہے۔

۷۔ **صفائی رکھنا :** سماج میں رہتے ہوئے تمام جگہوں پر صفائی رکھنا ضروری ہے۔

### میرا عمل

**۱۔ بتایئے۔**

۱۔ آج آپ نے کون سا اچھا برتاؤ کیا؟ ۲۔ آپ نے دوسروں کی کب اور کس طرح مدد کی؟

**۲۔ بیاض میں مثبت اور منفی برتاؤ کی فہرست بنایئے۔**

**۳۔ سماجی اُصولوں پر مبنی نعرے کارڈ پیپر پر لکھ کر جماعت میں آویزاں کیجیے۔**

ن.ہ. ۲
ص. ۱۰۲
آ.م. ۹

- مثبت اور منفی سماجی برتاؤ کی معلومات دیں۔
- مثبت سماجی برتاؤ کے اُصول پوچھ کر بات چیت کرائیں۔

# ۱۵ سماجی تحفظ

سماج سے مراد ایک جگہ پر مل جل کر رہنے والے افراد یا خاندانوں کا گروہ۔ سماج کو سڑکیں، پانی، سواریاں، اسپتال، اسکول جیسی کئی چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان چیزوں کی حفاظت اور صفائی کا خیال رکھنا سماج کے ہر فرد کی ذمے داری ہے۔ اس کے لیے ہمیں سماجی تحفظ کے اصولوں پر عمل کر کے ایک اچھا شہری بننے کی کوشش کرنی چاہیے۔

## میرا عمل

۱۔ تصویروں کا مشاہدہ کیجیے۔ صحیح اور غلط کو پہچان کر صحیح کیا ہے، لکھیے۔















## ۲۔ درج ذیل عمل صحیح ہیں یا غلط، سامنے لکھیے۔

۱۔ بس کی سیٹ کو پھاڑنا۔ ..............................

۲۔ باغ میں نل سے بہتے پانی کو بند کرنا۔ ..............................

۳۔ راستے میں پڑا کچرا اُٹھا کر کوڑے دان میں ڈالنا۔ ..............................

۴۔ اسکول کی دیوار، تختۂ سیاہ پر روغنی کھریا رگڑنا۔ ..............................

۵۔ کھیل کے پیریڈ میں جاتے وقت کمرۂ جماعت کے پنکھے، لائٹ بند کرنا۔ ..............................

۶۔ ریل گاڑی سے سفر کرنے کے لیے ٹکٹ نہ لینا اور ریل گاڑی میں سوار ہو جانا۔ ..............................

- سماجی تحفظ کے اُصولوں پر بات چیت، قصہ گوئی کریں۔ اُصولوں کی پابندی کرنے کے لیے کہیں۔
ہر ہفتے دو محافظ مقرر کر کے ان کے کیے ہوئے کاموں کا اندراج کریں۔
- محافظ کے طور پر کاموں کا تجربہ ہفتے کے آخر میں کمرۂ جماعت میں بیان کرنے کے لیے کہیں۔

ن.ہ. ۲
ص. ۲ء۱
آ.م. ۱۰

# ۱۶ دستکاری

دستکاری سے مراد ہاتھوں سے بہت ہی عمدہ طریقے سے مختلف کاموں کو انجام دینا۔مثلاً تصویر بنا کر رنگ بھرنا،مٹی کے کام،فنِ پکوان (فنِ طباخی)،کاغذ کام، رنگنے کے کام،سلائی کے کام وغیرہ۔ دستکاری کے ذریعے سجاوٹ کی مختلف چیزیں تیار کی جاسکتی ہیں۔آیئے،اس مہارت کا استعمال کر کے فریم بنائیں۔

## میرا عمل

### ا۔ کاغذ سے مچھلی بنانا

نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل کا استعمال کر کے مچھلی کی فریم تیار کیجیے۔

**لوازمات اور وسائل :** رنگین کاغذ،قینچی،گوند،کارڈ شیٹ،اسکیچ پین وغیرہ۔




ن.ہ. ۴
ص. ۱۴ء
آ.م. ۶ ۲۱ء

- درج ترتیب کے مطابق مچھلی تیار کرائیں اور سجاوٹ کر کے فریم تیار کرائیں۔
- ان مچھلیوں کا استعمال کر کے تہنیتی کارڈ،فش ٹینک تیار کرائیں۔

فنِ طباخی سے مراد لذیذ، ذائقے دار، غذائیت سے بھر پور کھانا بنانے کا فن۔ بھارت کی ہر ریاست میں مختلف قسم کے کھانے تیار کیے جاتے ہیں۔

فنِ طباخی صرف پیٹ بھرنے کے لیے نہیں بلکہ یہ ایک تہذیب ہے۔ فنِ طباخی ایک عمدہ پیشہ ہے۔ جدید زمانے میں فنِ طباخی کے مقابلوں کی وجہ سے اس فن کو ترقی دینے اور نئے نئے پکوان سیکھنے کے مواقع ملتے ہیں۔

## ۲۔ مونگ پھلی کے لڈّو

نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل استعمال کر کے تصاویر کی ترتیب کے مطابق لڈّو بنائیے۔

**لوازمات اور وسائل :** بھنی ہوئی مونگ پھلی کے دانے، کوٹا ہوا گڑ، گھی، الایچی کا پاؤڈر، اوکھلی موسل، کٹوری، بڑا چمچہ، رکابی۔



۱۔ اوکھلی میں مونگ پھلی کے دانے ڈال کر موسل سے باریک کیجیے۔



۲۔ باریک مونگ پھلی کے دانے، گڑ، گھی اور الایچی پاؤڈر کو ملائیے۔



۳۔ ملائی ہوئی چیزوں کو لڈّو کی شکل دیجیے۔

ن.ہ. ۴
ص. ۱۴
آ.م. ۲۱

- اوپر دی ہوئی ترتیب کے مطابق لڈو تیار کرائیں۔
- تیار کیے ہوئے لڈو طلبہ کو کھانے کے لیے دیں۔ لڈو میں شامل ہر چیز کی تغذیاتی اقدار کی معلومات دیں۔
- فروٹ سلاد، کچومر، شربت جیسے بلا ایندھن پکوان گھر میں بنانے کے لیے کہیں۔

# ہنگامی حالات

ہنگامی حالات سے مراد اچانک، غیر متوقع طور پر پیش آنے والی صورتِ حال یا واقعہ۔ یہ حالات یا واقعہ خطرناک ہوتے ہیں۔ ان مواقع پر فوراً احتیاطی تدابیر کرنا ضروری ہوتا ہے۔ یہ واقعہ قدرتی یا انسان کا پیدا کردہ ہوتا ہے۔ ایسے ہی کچھ ہنگامی حالات اور اس وقت کیے جانے والے مثبت برتاؤ کے بارے میں معلومات حاصل کرتے ہیں۔

## میرا عمل

ا۔ تصویر کے ہنگامی حالات کو پہچان کر ان کی معلومات لکھیے اور وہ قدرتی ہیں یا انسان کی پیدا کردہ، لکھیے۔



______________________

______________________

______________________



______________________

______________________

______________________



______________________

______________________

______________________

- ہنگامی حالات کے معنی سمجھا کر مختلف قدرتی اور انسان کے پیدا کردہ ہنگامی حالات کے بارے میں معلومات بات چیت / قصے کہانی کے ذریعے فراہم کریں۔
- ان حالات میں ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ کیا احتیاط برتنا ہے؟ اس کی معلومات فراہم کریں۔

۲۔ ذیل میں ہنگامی حالات کے کچھ واقعات دیے ہوئے ہیں۔ ایسے موقع پر آپ کیا کریں گے، لکھیے۔

۱) زلزلہ آیا:

۲) آگ لگ گئی:

۳) حادثہ ہوا:

۴) دیوار گر گئی:

۵) سیلاب آیا:

۶) بھیڑ میں کھو گیا:

ہنگامی حالات میں زخمی ہونے پر فوری علاج کرنے کے لیے کچھ چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان تمام چیزوں کو یکجا رکھنے کے لیے جو صندوق استعمال ہوتی ہے اسے 'ابتدائی طبّی امداد کا صندوق' کہتے ہیں۔

### ۳۔ میرا ابتدائی طبّی امداد کا صندوق

- ابتدائی طبّی امداد کے صندوق میں ضروری چیزوں کی فہرست بنائیے۔ والدین کی مدد سے ابتدائی طبّی امداد کا صندوق تیار کیجیے۔

### ۴۔ ابتدائی طبّی امداد کے صندوق کی تصویر بنائیے۔

### ۵۔ ہنگامی حالات میں ہماری مدد کرنے والے افراد کے نام اور ان کے فون نمبر لکھیے۔

- قدرتی حادثات یا انسان کے پیدا کردہ حادثات میں ہمارا برتاؤ کیسا ہونا چاہیے، ڈرامے کے ذریعے پیش کرائیں۔
- ابتدائی طبّی امداد کے صندوق کی چیزوں کی فہرست کی جانچ کر کے ان کے استعمال پر بات چیت، گپ شپ کرائیں۔
- ہنگامی حالات میں مدد کرنے والے افراد کا انٹرویو لینے کے مواقع فراہم کریں۔
- ہنگامی حالات کی وجہ سے ذہنی تناؤ میں مبتلا ہونے پر 'منودرپن' اور 'ٹیلی مانس' ہیلپ لائن دستیاب ہونے کے بارے میں معلومات دیں۔

ن.ہ. ۲
ص. ۲،۱
آ.م. ۱۲،۱۱

# ۱۸ ماحول اور پیشے

ہماری ضرورت کی تمام چیزیں ہم خود تیار نہیں کر سکتے۔ ان چیزوں کو ہمیں خریدنا پڑتا ہے۔ ان چیزوں کو تیار کرنے والے پیشہ ور ہوتے ہیں۔ یعنی مختلف پیشوں کی وجہ سے ہماری ضرورتیں پوری ہوتی ہیں اور ضرورت کی چیزیں آسانی سے ملتی ہیں۔

## میرا عمل

**۱۔ ہمارے آس پاس روزمرہ کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے کئی پیشے جاری ہیں۔ ایسے پیشوں کے نام لکھیے۔**

۱۔ ..........................................................
۲۔ ..........................................................
۳۔ ..........................................................
۴۔ ..........................................................
۵۔ ..........................................................
۶۔ ..........................................................
۷۔ ..........................................................
۸۔ ..........................................................
۹۔ ..........................................................
۱۰۔ ..........................................................

**۲۔ مختلف پیشوں سے حاصل ہونے والی دس چیزوں کے نام لکھیے۔**

۱۔ ..........................................................
۲۔ ..........................................................
۳۔ ..........................................................
۴۔ ..........................................................
۵۔ ..........................................................
۶۔ ..........................................................
۷۔ ..........................................................
۸۔ ..........................................................
۹۔ ..........................................................
۱۰۔ ..........................................................

ن.ہ. ۳
ص. ۱۴۳
آ.م. ۱۳، ۱۶

- مختلف پیشوں سے سماج کو ہونے والے فائدے سمجھائیں۔
- آس پاس موجود پیشوں کی فہرست تیار کرائیں اور جماعت میں آویزاں کریں۔

۳۔ اسکول میں مدعو کیے ہوئے کسی پیشہ ور سے سوالات کیجیے۔ اس سے بات چیت کیجیے اور اس کے پیشے کی مزید معلومات حاصل کیجیے۔ اس معلومات کو اپنے لفظوں میں لکھیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

۴۔ باغبانی کے لیے درکار وسائل کی تصویریں بنائیے اور ماڈل تیار کیجیے۔

- کاروبار کرنے والے چند والدین کو اسکول میں مدعو کر کے طلبہ کو ان سے بات چیت کرنے کے مواقع فراہم کریں۔

ن.ہ. ۳
ص. ۳،۱
آ.م. ۱۶،۱۳

## ماحول میں موجود پیشوں کی جماعت بندی

ہمیں اپنے آس پاس کئی قسم کے پیشے نظر آتے ہیں۔ ان میں سے کچھ روایتی پیشے/ کاروبار ہیں جو ہمارے دادا پردادا سے جاری ہیں۔ یہ پیشے روایتی طریقے سے کیے جاتے ہیں۔

جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے جو پیشہ/ کاروبار بڑے پیمانے پر، کم وقت میں، زیادہ پیداوار کے لیے کیا جاتا ہے اسے 'جدید پیشہ' کہتے ہیں۔

### میرا عمل

**۱۔ نیچے دیے ہوئے پیشوں کی روایتی اور جدید میں جماعت بندی کیجیے۔**

۱۔ طویلے میں مویشی پالنا۔

۲۔ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے بلند عمارت تعمیر کرنا۔

۳۔ بڑے پیمانے پر دودھ جمع کرنا۔

۴۔ مختلف غذائی اشیا گھر میں تیار کر کے فروخت کرنا۔

۵۔ طلب کے مطابق غذائی اشیا مشینوں کا استعمال کر کے بڑے پیمانے پر تیار کرنا۔

| روایتی پیشہ | جدید پیشہ |
|---|---|
| ................ | ................ |
| ................ | ................ |
| ................ | ................ |

**۲۔ آپ جو روایتی اور جدید پیشے جانتے ہیں، ان کی فہرست تیار کیجیے۔**

| نمبر شمار | روایتی پیشے | جدید پیشے |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

۳۔ کسی جدید پیشے کے مرکز کی سیر کیجیے۔وہاں کی معلومات حاصل کیجیے اور اپنے لفظوں میں لکھیے۔

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

۴۔ روایتی پیشوں اور جدید پیشوں کے فائدے اور نقصانات لکھیے۔

فائدے : ..........................................................................................................

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

نقصانات : ......................................................................................................

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

..........................................................................................................................

۵۔ جدید اور روایتی پیشوں کی تصویریں جمع کر کے بیاض میں چپکائیے۔تصویر کے نیچے وہ پیشہ جدید ہے یا روایتی، لکھیے۔ چپکائے ہوئے پیشوں کے نام لکھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| .............................. | .............................. | .............................. |
| .............................. | .............................. | .............................. |
| .............................. | .............................. | .............................. |

- روایتی اور جدید پیشے سمجھائیں۔
- ان پیشوں کا فرق واضح کریں۔
- روایتی اور جدید پیشوں کے مقامات کی سیر کا انعقاد کریں۔(یہ سرگرمی لازمی ہے)

ن.ہ. ۳
ص. ۳ء۱
آ.م. ۱۴

# ۱۹ دستکاری

ہمارے آس پاس کچھ لوگ کاغذ سے خوب صورت چیزیں بنانے کا کاروبار کرتے ہیں۔ مثلاً آکاش قندیل، تہنیتی کارڈ، کاغذ کے پھول وغیرہ۔

ہم دستکاری کے ذریعے دل کش مور بنا سکتے ہیں۔

## میرا عمل

**ا۔ نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل کا استعمال کر کے مور تیار کیجیے۔**

**لوازمات اور وسائل :** رنگین کارڈ شیٹ، قینچی، ، اسکیچ پین، گلیٹر پین، گوند، پنسل، آئسکریم کی تیلیاں وغیرہ۔




تین مور کو ایک کے نیچے ایک جوڑ کر دیوار پر لگانے کے لیے دیوار گیر آرائش تیار کیجیے۔

- اوپر دیے ہوئے مراحل کے مطابق مور تیار کرائیں۔
- دیوار پر لگانے کے لیے دیوار گیر آرائش تیار کرائیں۔
- اسی طرح تہہ کاری کے ذریعے پرندہ، جانور تیار کرائیں۔

ن.ہ. ۴
ص. ۱۴ا
آ.م. ۲۱

# ۲۰ آس پاس کے پیشہ وروں کی معلومات

ہمارے آس پاس کئی لوگ مختلف پیشے کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ ہر پیشے کے لیے دیگر پیشہ وروں کی ضرورت ہوتی ہے۔

نیچے دی ہوئی تصویر میں ایک بڑی عمارت کا تعمیری کام نظر آ رہا ہے۔ اس عمارت کی تعمیر کے لیے کس کس کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے، بتائیے۔


تعمیری مزدور


آرکیٹیکٹ


انجینئر


فرش لگانے والا




وکیل


بڑھئی


پلمبر


بڑی مشینیں چلانے والا

## میرا عمل

ا۔ اوپر دی ہوئی تصویروں میں مزید کس کس کی تصویر ہونی چاہیے، فہرست بنائیے۔

............................................................................................................

............................................................................................................

- عمارت کی تعمیر میں مدد کرنے والے افراد اور ان کے کام سے متعلق بات چیت / گپ شپ کرائیں۔
- تصویر میں موجود افراد کے علاوہ مدد کرنے والے دوسرے لوگوں کے نام اور کام پوچھیں۔

۲۔ کون سا کام کون کرتا ہے؟ جوڑیاں ملائیے۔

| کام کی نوعیت | جواب | کس کا کام |
|---|---|---|
| ۱۔ فرنیچر بنانا، دروازے کھڑکیاں بنانا | | آرکیٹیکٹ |
| ۲۔ عمارت کا نقشہ بنانا | | وکیل |
| ۳۔ نل (پائپ) جوڑنا | | انجینئر |
| ۴۔ تعمیری کام کے لیے ضروری دستاویزات کی جانچ پڑتال کرنا۔ | | بڑھئی |
| ۵۔ تعمیراتی کام نقشے کے مطابق ہو رہا ہے، سامان کا استعمال صحیح پیمانے پر ہو رہا ہے، اس کی نگرانی کرنا۔ | | پلمبر |

۳۔ آپ مزید کون کون سے پیشوں کے بارے میں جانتے ہیں، لکھیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

۴۔ اپنے پسندیدہ پیشے کی معلومات لکھیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

ن.ہ. ۳
ص. ۱ء۳
آ.م. ۱۵

- تصویروں کی مدد سے مختلف کاروبار کی معلومات فراہم کریں، ان کے کام سمجھائیں۔
- مختلف پیشہ وروں کے لباس سے متعلق پیش کش کرنے کے لیے کہیں۔

# پتّوں اور پھولوں کی جھالر

ہمارے ملک میں مختلف تہوار-تقریب منائے جاتے ہیں۔ اس کے لیے پھولوں سے تزئین کی جاتی ہے۔ کچھ لوگ پتوں اور پھولوں سے دل کش تزئین کی چیزیں تیار کرنے کا کاروبار کرتے ہیں۔

پتے اور پھول استعمال کر کے ہم بھی ایسی دل کش تزئین کر سکتے ہیں۔

## میرا عمل

نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل استعمال کر کے ذیل کی ترتیب کے مطابق پتوں اور پھولوں کی جھالر بنائیے۔

**لوازمات اور وسائل :** قینچی، دھاگا، چپکاؤ ٹیپ، آم کے پتے، چمپا، جاسندی، کنہیر، گیندا وغیرہ پھول۔




- دی ہوئی ترتیب کے مطابق جھالر تیار کرائیں۔
- دوسرے طریقوں سے بھی پتوں اور پھولوں کی جھالر تیار کر سکتے ہیں، یہ بتا کر الگ الگ قسم کی جھالریں تیار کرائیں۔

ن.ہ. ۴
ص. ۱،۴
آ.م. ۲۱

# زراعت سے منسلک پیشے

ہمارا ملک زرعی ملک ہے۔ ہمارے ملک میں لوگ کھیتی باڑی سے مختلف قسم کی پیداوار حاصل کرتے ہیں۔

زراعت سے منسلک اور آمدنی میں اضافہ کرنے کے لیے جو پیشے کیے جاتے ہیں انھیں زراعت سے منسلک پیشے کہتے ہیں۔ان پیشوں کی وجہ سے کسان کو مالی سہارا ملتا ہے۔

## زراعت سے منسلک پیشے



۱) مرغی پالن ۲) دودھ کا کاروبار ۳) مشروم کی پیداوار

## مرغی پالن

انڈے اور گوشت حاصل کرنے کے لے مرغیوں کو پالنے کا کاروبار 'مرغی پالن' کہلاتا ہے۔

**کاروبار کے لیے ضروری باتیں:**

۱) اعلیٰ نسل کی مرغی کے چوزے۔ ۲) غذائیت سے بھرپور کھانا۔ ۳) مسکن۔ ۴) پانی۔
۵) ٹیکہ اندوزی۔ ۶) مناسب نگہداشت

**کاروبار کے فائدے:**

۱) ہمیں غذائیت سے بھرپور غذا کے طور پر انڈا اور گوشت حاصل ہوتا ہے۔

۲) مرغیوں کے فضلے سے نامیاتی کھاد حاصل ہوتی ہے۔

۳) مرغی کے پروں سے آرائشی چیزیں تیار کی جاتی ہیں۔ اس پورے عمل سے روزگار حاصل ہوتا ہے۔

## دودھ کاروبار

گائے، بھینس، بکری وغیرہ جانوروں سے دودھ کی پیداوار کرنا اور اس کو بیچ کر مالی فائدہ حاصل کرنا۔

**کاروبار کے لیے ضروری باتیں:**

۱) اعلیٰ نسل کی گائے، بھینس، بکری۔

۲) صاف ستھرا، ہوادار اور محفوظ طویلا یا مسکن۔

۳) ہرا چارا، سوکھا چارا، متوازن غذا، پینے کا صاف پانی۔

۴۔ باقاعدگی سے ٹیکہ اندوزی اور جانوروں کے علاج معالجے کی سہولت۔

**کاروبار کے فائدے:**

۱) غذائیت سے بھرپور غذا کے طور پر دودھ حاصل ہوتا ہے۔

۲) دودھ سے دہی، لسّی، گھی وغیرہ تیار کیے جاتے ہیں۔

۳) فضلے سے نامیاتی کھاد تیار ہوتی ہے۔

۴) دودھ بیچنے سے آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے اور روزگار پیدا ہوتا ہے۔

## مشروم کا کاروبار

مشروم کے کاروبار سے مراد مشروم اُگانا اور فروخت کرنا۔

**کاروبار کے لیے ضروری باتیں:**

۱) مشروم اُگانے کے لیے خاص بیج۔

۲) صاف، ٹھنڈی اور تاریک جگہ۔

۳) سویابین، چاول اور گیہوں کا بھوسا۔

۴) نمی برقرار رکھنے کے لیے پانی۔

۵) مشروم اُگانے کے لیے پلاسٹک کی تھیلیاں۔

۶) صفائی۔

**کاروبار کے فائدے:**

۱) کم جگہ میں کیا جاسکتا ہے۔

۲) کم خرچ میں کیا جاسکتا ہے۔

۳) پیداوار جلد حاصل ہوتی ہے۔

۴) اچھا نفع ملتا ہے۔

۵) مشروم غذائیت سے بھرپور غذا ہے۔



مرغی پالن کاروبار



دودھ کا کاروبار



مشروم کا کاروبار

# ۲۳ جدید پیشے

زمانے کے لحاظ سے ہماری طرزِ زندگی بدل گئی ہے۔ ہماری ضرورتیں بھی بدل گئی ہیں۔ان ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے مختلف اور جدید پیشے شروع ہوگئے ہیں۔ پیشوں میں جدید ٹیکنالوجی اور نئی تکنیک کا استعمال کرکے گاہکوں کی ضرورتیں پوری کی جارہی ہیں۔پیشوں میں اخلاقیات کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

نمونے کے طور پر ذیل میں کچھ پیشے دیے ہوئے ہیں۔ ان سے متعلق مزید معلومات حاصل کرکے لکھیے۔

۱) **ڈیجیٹل اور آئی ٹی خدمات :** کمپیوٹر، موبائیل، انٹرنیٹ کا استعمال کرکے لوگوں کی مدد کرنے کی خدمات۔

۲) **ای-کامرس :** آن لائن یعنی انٹرنیٹ کے ذریعے چیزوں کی خرید وفروخت۔

۳) **ڈیلیوری پر مبنی باورچی خانہ ( کلاؤڈ کچن ) :** کھانے پینے کی چیزیں تیار کرکے گاہک کی طلب کے مطابق ان کے گھروں تک پہنچانا۔

۴) **ایونٹ مینجمنٹ اور پلاننگ :** شادی بیاہ، یومِ پیدائش وغیرہ پروگراموں میں تزئین کے لیے درکار تمام چیزیں فراہم کرنا۔

۵) **بیوٹی اور ہیلتھ خدمات :** جسم کو خوب صورت اور تندرست نظر آنے کے لیے اور اسے برقرار رکھنے کے لیے مہیا کی جانے والی خدمات۔

## میرا عمل

**۱۔ آپ مزید جو جدید پیشے جانتے ہیں، ان کی معلومات حاصل کرکے لکھیے۔**

.............................................................................................................

.............................................................................................................

.............................................................................................................

.............................................................................................................

.............................................................................................................

.............................................................................................................

**۲۔ آپ جو جدید پیشے جانتے ہیں، ان کی تصویریں جمع کرکے بیاض میں چپکائیے اور ان کے نیچے پیشوں کے نام لکھیے۔**

ن.ہ. ۳
ص. ۳۶۱
آ.م. ۱۶

• مختلف جدید پیشوں سے متعلق بات چیت کرکے معلومات فراہم کریں۔

آج کے دور میں کمپیوٹر ہماری زندگی کا اٹوٹ حصہ بن گیا ہے۔ اسکول، دفتر، اسپتال جیسے کئی پیشوں میں کمپیوٹر کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لیے کمپیوٹر کی خصوصیات اور استعمال معلوم ہونا ضروری ہے۔ تیسری جماعت میں ہم نے کمپیوٹر کے مختلف حصوں کی معلومات حاصل کی ہے۔ اس جماعت میں ہم کمپیوٹر کی خصوصیات، فائدے اور کون سے شعبوں میں اس کا استعمال کیا جاتا ہے، اس کی معلومات حاصل کریں گے۔

**میرا عمل**

۱۔ نیچے دیے ہوئے چوکون میں کمپیوٹر کے حصوں کے نام لکھیے۔



**کمپیوٹر کی خصوصیات :**

۱) **معلومات حاصل کرنا اور محفوظ رکھنا :** کمپیوٹر کی مدد سے ہم انٹرنیٹ کے ذریعے مختلف مضامین کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ حاصل کی ہوئی معلومات کو کمپیوٹر میں محفوظ کرنے کے بعد دوبارہ استعمال کر سکتے ہیں۔

۲) **تعلیمی کھیل :** کمپیوٹر میں موجود تعلیمی کھیلوں کے ذریعے ہم لطف اندوز ہوتے ہوئے سیکھ سکتے ہیں۔

۳) **پروجیکٹ تیار کرنا :** مختلف پروجیکٹ تیار کرنا اور انھیں پیش کرنے میں کمپیوٹر مددگار رہتا ہے۔

۴) **تصویر بنانا :** کمپیوٹر پر دستیاب پروگرام کے ذریعے تصویر اور نقش و نگار بنا سکتے ہیں۔

۵) **ریاضی کے عمل کرنا :** جمع، تفریق وغیرہ ریاضی کے اعمال کرنا کمپیوٹر کی مدد سے آسان ہو جاتا ہے۔

۶) **تحریر کرنا :** مضمون، خطوط، جدول جیسا مختلف مواد تحریر کر سکتے ہیں۔

۲۔ اس کے علاوہ کمپیوٹر کے دیگر استعمال کی معلومات حاصل کر کے لکھیے۔

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

کمپیوٹر کی خصوصیات کی وجہ سے نیچے دیے ہوئے شعبوں میں اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱) دفتر/ دفاتر | ۶) بینکنگ | ۱۱) تفریح |
| ۲) اشتہارات | ۷) آمد ورفت | ۱۲) سائنس اور ٹیکنالوجی |
| ۳) طباعت | ۸) ڈاک اور ٹیلی فون | ۱۳) تربیت |
| ۴) طبّی شعبہ | ۹) ذاتی استعمال | ۱۴) زراعت کا شعبہ |
| ۵) تعلیم کا شعبہ | ۱۰) کھیل کا شعبہ | ۱۵) لین دین |

## تکنیکی آلات

کمپیوٹر کی طرح مختلف تکنیکی آلات کا استعمال کیا جاتا ہے۔مثلاً زیراکس مشین، موبائیل وغیرہ۔

۳۔ نیچے کچھ تکنیکی آلات کی تصویریں دی ہوئی ہیں۔اپنے لفظوں میں ان کے استعمال لکھیے۔



۱) موبائل : ..............................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................





۲) اسمارٹ واچ : ..............................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................



۳) کیلکیولیٹر :

.............................................................................................................

.............................................................................................................

.............................................................................................................



۴) ٹیلی ویژن :

.............................................................................................................

.............................................................................................................

.............................................................................................................



۵) زیراکس مشین :

.............................................................................................................

.............................................................................................................

.............................................................................................................



۶) سی سی ٹی وی کیمرا :

.............................................................................................................

.............................................................................................................

.............................................................................................................

- جدید پیشوں میں کمپیوٹر کا استعمال کس طرح کیا جاتا ہے، سمجھائیں۔
- کمپیوٹر کی خصوصیات کے بارے بات چیت/گپ شپ کریں۔
- بینک اور ریل ٹکٹ کا ریزرویشن کرنے کے لیے کمپیوٹر کا استعمال کس طرح کیا جاتا ہے، سمجھائیں۔

ن.ہ. ۴
ص. ۱۴
آ.م. ۲۳

میرا عمل

## ا۔ شربت

نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل کا استعمال کرتے ہوئے شربت تیار کیجیے۔

**لوازمات اور وسائل :** لیمو ۱۵ /عدد، شکر ایک کلو، نمک ۵۰ گرام، پانی ( تقریباً ۳۵ گلاس )، حسبِ ضرورت الا ئچی پاؤڈر۔

**عمل :**



۱) لیمو دھو کر آدھا آدھا کاٹیے۔
۲) لیمو نچوڑنے کی مشین کے ذریعے برتن میں لیمو کا رس نکالیے۔
۳) شکر اور نمک ڈالیے۔
۴) پانی ڈال کر شکر گھلنے تک ڈونگے سے ہلائیے۔
۵) الائچی کا پاوڈر ڈالیے۔
۶) گلاس میں نکال کر پیش کیجیے۔

### خرید و فروخت پر مکالمہ

**ٹیچر :** بچو! آج ہم نے کون سی شے بنائی ؟
**طلبہ :** شربت۔
**ٹیچر :** صحیح ! لیکن کون سا شربت بنایا؟
**طلبہ :** لیمو کا شربت۔
**ٹیچر :** اب ہم لیمو کا شربت بنانے اور اُس کی خرید و فروخت کا عمل سمجھیں گے۔
**طلبہ :** ہاں۔
**ٹیچر :** اس کے لیے ہم نے کون کون سا سامان استعمال کیا؟
**طلبہ :** لیمو اور پانی۔
**ٹیچر :** اور؟
**طالب علم ۱:** ٹیچر، شکر استعمال کی۔
**طالب علم ۲ :** اور نمک بھی۔
**طالب علم ۳ :** ٹیچر، ہم نے الائچی کا پاؤڈر بھی ڈالا یعنی الائچی بھی استعمال کی۔
**ٹیچر :** شاباش بچو! اب بتاؤ یہ چیزیں ہم کہاں سے لائیں گے؟

**طالب علم ۲:** گھر سے

**ٹیچر :** لیکن امی وہ لیمو دکان سے لائیں نا؟ پیسے دے کر!

**طالب علم ۲:** جی ٹیچر۔ دکان دار نے پیسے لے کر ہی سامان دیا۔

**ٹیچر :** یعنی ہم نے دکان دار کے پاس سے چیزیں خریدنے کے بعد اسے لا کر اس پر عمل کیا۔ کون سا عمل کیا، کون بتائے گا؟

**طالبہ :** لیمو دھوئے، کاٹے، اس کا رس نکالے۔ اس میں شکر، نمک اور پانی ڈالے۔

**طالب علم :** اور اس میں الائچی پاؤڈر بھی ڈالے اور لیمو کا رس نچوڑنے کی مشین سے رس نچوڑنے کی وجہ سے شربت میں بیج نہیں گرے۔

**ٹیچر :** بالکل صحیح۔ یہ ہوا ہمارا عمل، شربت بنانے کا۔ اب ہم دیکھیں گے کہ کتنا خرچ ہوا؟

**طالبہ :** جی ٹیچر۔

| چیز | قیمت |
|---|---|
| ۳ روپے کا ا لیمو، لٰہذا ۱۵ لیمو کے | ۴۵ روپے |
| ا کلو شکر | ۵۰ روپے |
| ۵۰ گرام نمک | ا روپیا |
| پانی | ۲۰ روپے |
| الائچی | ۱۰ روپے |

یعنی ہمیں کل خرچ آیا = ۱۲۶ روپے = ۱۰ + ۲۰ + ۱ + ۵۰ + ۴۵ ←

**تمام طلبہ :** شربت بنانے کے لیے ہمارے ۱۲۶ روپے خرچ ہوئے۔

**ٹیچر :** صحیح۔ لیکن اس میں ہماری محنت، برتن ان کی بھی کچھ قیمت کا اضافہ کرنا ہوگا۔

**طالب علم :** کیا ہم ۱۴ روپے بڑھا دیں؟ اس سے مکمل خرچ نکل آئے گا۔

**ٹیچر :** ٹھیک ہے۔ یعنی روپے ۱۴۰ = ۱۴ + ۱۲۶ خرچ ہوئے اور اس سے شربت کے کتنے گلاس تیار ہوئے؟

**طالبہ :** ٹیچر، ۳۵ گلاس بنے۔

**طالب علم :** یعنی ۳۵ گلاس کے لیے ۱۴۰ روپے خرچ ہوئے۔

**ٹیچر :** لٰہذا ایک گلاس کے لیے کتنا خرچ آیا، یہ کس طرح معلوم کریں گے؟

**طالب علم :** ٹیچر، ۱۴۰ کو ۳۵ سے تقسیم کر کے۔

**طالب علم ۲ :** یعنی روپے ۴ = ۳۵ / ۱۴۰ ←

ٹیچر، ایک گلاس پر ۴ روپے خرچ ہوئے۔

**ٹیچر** : یعنی ہمیں کتنے روپے میں ۱ گلاس شربت بیچنا چاہیے تاکہ فائدہ حاصل ہو؟
**طالب علم** : ٹیچر، ۴ روپے میں۔
**ٹیچر** : دیکھو، برابر ہے کیا؟
**طالبہ** : نہیں ٹیچر، ۵ روپے میں ایک گلاس کیوں کہ ہمیں فائدہ بھی ہونا چاہیے۔
**ٹیچر** : شاباش، ایک گلاس ۵ روپے میں یعنی ۳۵ گلاس کے ۱۷۵ روپے جمع ہوں گے۔یعنی ہماری خریدی کی رقم ۱۲۶ روپے اور محنت اور دیگر خرچ ۱۴ روپے اور کل خرچ ۱۴۰ روپے۔
۳۵ گلاس شربت بیچنے پر ملنے والی رقم ۱۷۵ روپے یعنی ہمیں، ۱۷۵ تفریق ۱۴۰ یعنی ۳۵ روپے کا نفع ہوا۔
یہ ہے خرید و فروخت کی ہماری مکمل زنجیر۔اس طرح آپ کوئی بھی کاروبار کرتے وقت خریدی کے خرچ کی بنیاد پر فروخت کی قیمت طے کر سکتے ہیں۔
**طالب علم** : جی ٹیچر۔اب ہمیں کاروبار میں خرید و فرخت کس طرح کرتے ہیں، سمجھ میں آ گیا۔

## آئسکریم کی تیلیوں سے دیوار گیر تزئین

آپ خرید و فروخت کا عمل سمجھ چکے ہیں۔اس کا عملی تجربہ لینے کے لیے درج ذیل عمل کیجیے۔

**۲۔ درج ذیل لوازمات اور وسائل کا استعمال کر کے ترتیب کے مطابق عمل کیجیے اور دیوار گیر آرائش تیار کیجیے۔**

**لوازمات اور وسائل :** ۱۰ تا ۱۵ آئسکریم کی تیلیاں، موٹا دھاگا، منکے، گوند، ٹکلی، چھوٹے شیشے، چھوٹی گھنٹی، رنگ، برش۔

**عمل :**

۱) آئسکریم کی تیلیاں لیجیے۔
۲) تیلیوں پر اپنی پسند کا رنگ کیجیے۔
۳) تیلیوں کو تصویر کے مطابق چسپاں کر کے دو چوکون تیار کیجیے۔
۴) موٹے دھاگے کو رنگ دے کر ایک مربع کے نیچے دوسرا مربع چپکائیے۔
۵) دھاگے کے نچلے سروں پر گھنٹی اور منکے باندھیے۔
۶) دیوار پر لٹکانے کے لیے دھاگے کے اوپری حصے میں گول کڑی بنائیے۔
۷) مربعوں پر منکے، ٹکلی، شیشے چپکا کر تزئین کیجیے۔

**آپ کی دیوار گیر آرائش (وال ہینگنگ) تیار ہو گئی۔**

- طلبہ کو شربت بنانے کی چیزیں لانے کے لیے کہیں اور شربت تیار کرائیں۔
- خرید و فرخت کے عمل سے متعلق معلومات دیں۔


























آئسکریم کی
تیلیوں سے تزئین

# تقریری مہارت

روزمرہ زندگی میں ہم ایک دوسرے سے مکالمہ کرتے رہتے ہیں مگر مکالمے کے ذریعے جذبات، خیالات صحیح طریقے سے دوسروں تک پہنچانے کے لیے مناسب تقریری مہارت کا ہونا ضروری ہے۔



## میرا عمل

درج ذیل مکالمہ پڑھ کر استاد کی مدد سے ڈرامائی انداز میں پیش کیجیے۔

**صنوبر** : واہ ! آم بھیّا، تم کتنے خوب صورت نظر آتے ہو۔ تمھاری چھاؤں میں کتنی ٹھنڈک ہے۔

**آم کا درخت** : صنوبر، آؤ میری ٹھنڈی چھاؤں میں بیٹھو۔ بہت دنوں سے تم آئی نہیں۔

**صنوبر** : ہاں۔ اسکول اور پڑھائی کی وجہ سے وقت نہیں ملتا مگر گرمی آتے ہی تمھاری یاد آتی ہے۔

**آم کا درخت** : (ہنستے ہوئے) ہاں کیا؟ میرے میٹھے آم کی یاد آتی ہے یا چھاؤں کی؟

**صنوبر** : دونوں کی! تمھارے مزے دار پھل اور اس سے تیار کی ہوئی چیزیں مجھے بہت پسند ہیں۔

**آم کا درخت** : مجھے بھی خوشی ہوتی ہے جب بچے میری چھاؤں میں کھیلتے ہیں اور پرندے گھونسلے بناتے ہیں۔

**صنوبر** : آم بھیّا، آپ بہت فائدے مند ہیں۔ آپ پھل تو دیتے ہی ہیں اور ان پھلوں سے میری باجی بہت سی کھانے کی چیزیں بناتی ہیں۔

**آم کا درخت** : ہاں، لیکن اب انسان ہمیں کاٹنے لگے ہیں۔ مجھے فکر ہو رہی ہے کہ آگے کیا ہوگا۔



**صنوبر** : آم بھیّا، آپ فکر نہ کریں۔ میں اور بھی درخت لگاؤں گی اور آپ کا بھی خیال رکھوں گی۔ میں اپنے دوستوں کو بھی درخت لگانے کے لیے کہوں گی۔ آپ میرے سب سے اچھے دوست ہو۔

**آم کا درخت** : مجھے تم سے یہی اُمید ہے۔ درخت بچیں گے تو زمین بچے گی۔

(صنوبر آم کے درخت کو گلے لگاتی ہے اور دونوں خوش ہوتے ہیں)

- اوپر دیے ہوئے مکالمے پر ڈرامے کا انعقاد کریں۔
- دیگر موضوعات پر مکالمے تحریر کر کے ان مکالموں کو پیش کرنے کے لیے کہیں۔ مثلاً دکان دار اور گاہک، دانت کا ڈاکٹر اور مریض، بس کنڈکٹر اور مسافر۔

دستکاری میں کشیدہ کاری بھی ایک روایتی فن ہے۔ اس میں کپڑوں پر مختلف قسم کی دل کش ڈیزائن تیار کی جاتی ہیں۔ یہ ڈیزائن سوئی اور دھاگے کی مدد سے کپڑوں پر بنائی جاتی ہے۔ اسے 'ایمبرائڈری' بھی کہتے ہیں۔
ہمارے رومال کو خوب صورت اور دل کش بنانے کے لیے رومال پر کشیدہ کاری کی جاتی ہے۔

## میرا عمل

### ا۔ رومال پر کشیدہ کاری

**نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل استعمال کر کے استاد کی رہنمائی کے مطابق ٹانکوں کی مختلف قسمیں بنائیے۔**

**لوازمات اور وسائل :** سوتی رومال، مختلف رنگوں کے ریشمی دھاگے، سوئی، قینچی، پنسل، ایمبرائڈری رِنگ۔

**ٹانکوں کی قسمیں :**

۱) بخیہ ٹانکا :



۲) سادہ ٹانکا :



۳) ترچھا ٹانکا :



۴) زنجیر ٹانکا :





### ۲۔ ایمبرائڈری کرنے والے شخص کا انٹرویو لیجیے اور بیاض میں اندراج کیجیے۔

• ٹانکوں کی قسمیں سمجھا کر ٹانکوں کی مشق کرائیں۔

## ۳۔ مٹی سے کچھوے کا ماڈل بنانا

کچھ لوگ مٹی سے خوبصورت اور دل کش چیزیں بنا کر فروخت کرنے کا کاروبار کرتے ہیں۔ ہم بھی مٹی سے عمدہ چیزیں بنا سکتے ہیں۔

**نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل استعمال کر کے ترتیب کے مطابق عمل کیجیے۔**

**لوازمات اور وسائل :** مٹی، پانی، برتن، رنگ کام کا سپاٹ برش، نکیلی تیلی، کپڑا۔






- عمل کی ترتیب کے مطابق کچھوا تیار کرائیں۔
- طلبہ کو ان کی پسند کے مطابق مٹی کام کے ذریعے مختلف چیزیں بنانے کے لیے کہیں۔
- تیار کی ہوئی چیزوں کی نمائش کا انعقاد کر کے سرپرستوں کو مدعو کریں۔
- مٹی کام کرنے والے کاریگروں کے کارخانوں کی سیر کرنے کا اہتمام کریں۔ (یہ سرگرمی لازمی ہے)

ن.ہ. ۴
ص. ۱۴ا
آ.م. ۲۱

مفت تقسیم کے لیے

## ۴۔ اخبار سے کاغذ کی تھیلی بنانا

پلاسٹک کے استعمال سے بڑے پیمانے پر ماحول کو نقصان پہنچتا ہے۔ پلاسٹک کے استعمال کو روکنے کے لیے کاغذ کی تھیلی استعمال کی جاتی ہے۔ بہت سارے لوگ اخبارات سے کاغذ کی تھیلی بنانے کا کاروبار کرتے ہیں۔ ہم بھی اخبار سے کاغذ کی تھیلی بنا سکتے ہیں۔

**نیچے دیے ہوئے لوازمات اور وسائل کی مدد سے ترتیب کے مطابق تھیلی بنائیے۔**

**لوازمات اور وسائل :** پرانے اخبارات، پنچِنگ مشین، موٹا دھاگا، گوند وغیرہ۔



- اوپر دیے ہوئے مراحل کے مطابق طلبہ سے اخبارات یا رنگین کاغذ سے کاغذ کی تھیلی تیار کرائیں۔
- تیار کی ہوئی کاغذ کی تھیلی اساتذہ کو تحفہ دینے کے لیے کہیں۔

## ۵۔ تہنیتی کارڈ

**لوازمات اور وسائل :** مختلف رنگ کے پھول، پتے، گھاس، ٹہنیاں، گوند، اسکیچ پین، قینچی، کارڈ شیٹ وغیرہ۔

**عمل ۔**

۱۔ مختلف رنگ کے چھوٹے بڑے پھول، پتے، ٹہنیاں جمع کیجیے۔

۲۔ اخبارات کی تہوں میں ان پتوں، پھولوں، گھاس، ٹہنیوں کو رکھیے۔

۳۔ دو چادریں لے کر اس میں یا پلنگ اور بستر میں پتے، پھول، ٹہنیاں، گھاس رکھے ہوئے اخبار کو آٹھ سے دس دن کے لیے رکھ دیجیے جس سے پتے، پھول، گھاس پوری طرح سوکھ جائیں گے۔

**اس طرح سے سوکھی ہوئی نباتات کے نمونے کو 'ہاربیرِیَم' کہتے ہیں۔ اس کا استعمال علمِ نباتات میں مطالعے کے لیے کیا جاتا ہے۔**

۴۔ مناسب سائز کا کارڈ شیٹ لیجیے جس کو گفٹ کارڈ کے لیے موڑا جا سکے اور اسے مناسب شکل دیجیے۔

۵۔ کارڈ شیٹ کے کنارے پر رنگین اسکیچ پن سے چاروں جانب حاشیہ بنائیے۔

۶۔ حاشیہ کے اندر/کناروں کے اندر پتے، پھول اور گھاس کو مناسب طریقے سے ترتیب دے کر چپکائیے۔

۷۔ ضرورت پڑنے پر اسکیچ پین سے سجائیے۔

۸۔ اس میں مناسب پیغام لکھیے۔









## ۶۔ کاغذ سے لفافے بنانا

ڈاک کے ذریعے راکھی، عید کارڈ، خط بھیجنے کے لیے، درخواست دینے، اہم دستاویزات/ پیسے دینے کے لیے ہمیں کاغذی لفافے کی ضرورت ہوتی ہے۔ الگ الگ ناپ کے کاغذ لے کر پیکٹ تیار کر سکتے ہیں۔

**لوازمات اور وسائل :** ۲۰ سم × ۲۱ سم سائز کا ایک کاغذ، ناپ پٹی، پنسل، قینچی، گوند، اسکیچ پین وغیرہ۔

### عمل ۔

۱۔ ۲۰ سم × ۲۱ سم سائز کا ایک کاغذ لیجیے۔ اسے آڑا پکڑیے۔

۲۔ ناپ پٹی سے ناپ کر ایک سم کے فاصلے پر لکیر کھینچیے۔

۳۔ ایک سینٹی میٹر پر نشان زد کیے ہوئے حصے کو چھوڑ کر کاغذ کو دو حصوں میں تقسیم کیجیے۔

۴۔ کاغذ کو بالکل درمیان سے موڑ دیجیے۔

۵۔ تہہ کو کھولیے۔ اوپر والے حصے پر ۲ سم کا نشان لگا کر وہ حصہ کاٹیے۔

۶۔ اسی حصے میں نیچے کی طرف ایک سم کے فاصلے پر آڑی لکیر کھینچ کر اسے کاٹ دیجیے۔ دوسرا حصہ بڑا نظر آئے گا۔

۷۔ کاغذ کو دوبارہ موڑیے اور ایک سم والے حاشیے کو دوسرے حصے پر گوند سے چپکائیے۔

۸۔ نیچے والے ایک سم کے حصے کو اوپر کی طرف موڑ کر چپکائیے۔

۹۔ سب سے اوپر والے دو سم کے حصے کو نیچے کی طرف موڑیے۔ آپ کا کاغذ کا لفافہ تیار ہے۔


















## پھرکی / چکری

**لوازمات اور وسائل :** دفتی (پٹھا) یا موٹی سفید کارڈ شیٹ، دانت صاف کرنے کی تیلی (توتھ پک)، ایک سم چوڑی اور ۳ سم لمبی کاغذ کی ۲ پٹیاں، واٹر کلر یا اسکیچ پین، قینچی، برش، گوند وغیرہ۔

**عمل -**

۱۔ کارڈ شیٹ پر ۲ سم نصف قطر کا دائرہ بنائیے۔

۲۔ اس دائرے کے ۸ برابر حصے کیجیے۔

۳۔ ہر ایک حصے کو لال، پیلا، ہرا، نیلا، نارنگی، آسمانی، جامنی الگ الگ رنگ دیجیے۔

۴۔ تیار ہونے والی پھرکی کی مدد سے بیچ میں سوراخ کیجیے۔

۵۔ اس سوراخ میں ٹوتھ پک اس طرح پھنسائیے کہ رنگین حصہ اوپر رہے۔ٹوتھ پک کے نکیلے حصے کی اونچائی کم رکھیے۔

۶۔ ٹوتھ پک کے چکر کے اوپر والے حصے اور نیچے والے حصے پر کاغذ کی پٹی لپیٹ کر چپکائیے۔

۷۔ پھرکی کو گھمانے پر اس میں سارے رنگ ایک ساتھ مل جانے کی وجہ سے سفید رنگ دکھائی دے گا۔اس پر سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ سفید رنگ میں سبھی رنگ ملے ہوئے ہوتے ہیں۔

چکری پر رنگوں کی بجائے کالے اسکیچ پین سے الگ الگ شکل بنائیے اور گھومتی ہوئی پھرکی پر دکھائی دینے والی الگ الگ شکلوں کو دیکھنے کا مزا لیجیے۔





















## ۸۔ بانس کی تیلیوں سے ہندسیہ اشکال بنانا

**لوازمات اور وسائل :** بانس کی چھوٹی بڑی تیلیاں، گوند وغیرہ۔

### عمل ۔

۱۔ بانس کی چھوٹی اور بڑی تیلیاں لیجیے۔
۲۔ تیلیوں کو ایک دوسرے پر چپکا کر مثلث، مربع، مستطیل، چوکون، مخمس، مسدس وغیرہ اشکال تیار کیجیے۔
۳۔ ان اشکال کا استعمال کرکے خوب صورت ڈرائنگ بنائیے۔









## ۹۔ کاتھے کے استعمال

ناریل کے کاتھے سے تیار کی جانے والی بہت ساری چیزیں ہم استعمال کرتے ہیں۔ایسی کون کون سی چیزیں دی ہوئی تصویر میں دکھائی دے رہی ہیں، انھیں تلاش کر کے ان کا استعمال لکھیے۔



| چیز | | | | |
|---|---|---|---|---|
| استعمال | | | | |

### پن (ٹاچنی) رکھنے کی ڈبیا

**لوازمات اور وسائل :** استعمال شدہ کاتھا، پلاسٹک کی ڈبیا، رنگین کپڑا، گوند، سوئی، دھاگا وغیرہ۔

**عمل -**

۱۔ ڈبیا میں سمائے اتنا کاتھا لے کر ہاتھوں سے زور سے دبا کر اس کی گیند بنائیے۔ بیچ بیچ میں گوند سے چپکائیے۔

۲۔ گیند پر رنگین کپڑا لپیٹ کر اسے مضبوطی سے باندھیے یا سی لیجیے۔

۳۔ بندھا ہوا حصہ ڈبیا کے اندر کی طرف گوند سے چپکائیے۔

۴۔ ڈبیا کو ٹکلی، لیس وغیرہ سے سجائیے۔

۵۔ پن (ٹاچنی) رکھنے کے لے اس کا استعمال کیجیے۔



## ۱۰۔ اُڑنے والا کیڑا

**لوازمات اور وسائل :** ۳ × ۲۰ سم کارڈ شیٹ کی پٹی، لال اور پیلے کاغذ کے ٹکڑے، کالا اسکیچ پین، گوند، قینچی وغیرہ۔

### عمل ۔

۱۔ ۳ × ۲۰ سم سائز کی پٹی لے کر اسے درمیان سے تہہ کیجیے۔
۲۔ مُڑی ہوئی سمت میں تصویر میں بتائے ہوئے طریقے کے مطابق تہہ کیجیے اور کھولیے۔
۳۔ بننے والے مثلث کو اندر کی طرف موڑیے۔ پٹی کا اوپری حصے نیچے کی سمت کیجیے۔
۴۔ لال کاغذ کا ایک دائرہ کاٹ کر درمیان سے اس کے دو برابر حصے کیجیے۔ ان حصوں کو تصویر کے مطابق چپکائیے۔
۵۔ پیلے رنگ کے کاغذ کی پنکھڑی کی شکل کے دو ٹکڑے کاٹ کر لال ٹکڑوں کے نیچے چپکائیے۔
۶۔ کارڈ شیٹ پر لگ جائے اتنا بڑا کارڈ شیٹ کا کیڑے کے جسم کی شکل کا ٹکڑا کاٹ کر لال اور پیلے ٹکڑوں کے بیچوں بیچ چپکائیے۔
۷۔ لال رنگ کے آدھے دائرے کی شکل والے حصے پر کالے اسکیچ پین سے نقطے بنائیے۔
۸۔ لال ٹکڑے کے اوپری حصے پر سر، آنکھ اور ڈنک بنائیے۔

دونوں ہاتھوں سے کارڈ شیٹ کھول بند کرنے پر کیڑا اُڑتا ہوا دکھائی دے گا۔
















٦

٧

٨

٩

١٠

١١

١٢

١٣

## ۱۱۔ ماچس کی ڈبیا سے ریل گاڑی

**لوازمات اور وسائل :** ماچس کی پانچ خالی ڈبیا، بٹن، سفید کاغذ، گوند۔

### عمل ۔

۱۔ ماچس کی ڈبیا کا ڈھکن اور اندر کا باکس الگ الگ کر لیجیے۔ اوپر کے پانچوں حصوں پر سفید رنگ کا کاغذ چپکائیے۔

۲۔ تصویر کے مطابق ان بکسوں کو ترتیب سے لگائیے۔

۳۔ باکس کے نیچے کی طرف بٹن چپکائیے۔

۴۔ ریل گاڑی کا آگے کا حصہ (انجن) بنانے کے لیے، کاغذ کی ۴ سم چوڑائی کی پٹی کاٹ کر اسے موڑ کر آڑے حصے پر چپکائیے۔ اس مُڑے ہوئے حصے پر ایک سم اور آدھا سم پٹی کے دو دائرے عموداً چپکائیے۔

۵۔ پیچھے کی سمت میں باہر کی طرف ایک حصہ اندر کی طرف ایک حصہ اس طرح تصویر کے مطابق چپکائیے۔ سارے حصوں کو جوڑ کر چپکا دیجیے اور ریل گاڑی تیار کیجیے۔









# مجھے جو پیشہ پسند آیا

پیارے طالب علم دوستو اور سہیلیو!

اگر آپ کو کسی نے نامناسب طریقے سے چھوا تو آپ بے چین ہو گئے ہوں گے، اس پر آپ بالکل خاموش نہ رہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو آپ کو درج ذیل کام کرنے چاہئیں۔

1) اپنے آپ کو موردِ الزام نہ ٹھہرائیں۔

2) آپ کو جس پر بھروسہ ہے اسے اس واقعے کے بارے میں بتائیں۔

3) آپ پوسو ای- باکس کے ذریعے آپ کے حقوق کے تحفظ کے لیے قائم کردہ قومی کمیشن کو بھی مطلع کر سکتے ہیں۔

جب کوئی آپ کو نامناسب طریقے سے چھوتا ہے تو آپ کو بُرا لگ سکتا ہے، آپ اُلجھن محسوس کر سکتے ہیں، آپ بے بسی محسوس کر سکتے ہیں، لیکن 'بُرا' محسوس کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے، کیونکہ یہ آپ کی غلطی بالکل نہیں ہے۔




اس بٹن کو دبائیں۔

**POCSO یہ e-box ویب سائٹ : ncpcr@gov.in پر دستیاب ہے۔**

اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور آپ کو ہراساں کیا گیا ہے، آپ اُلجھن میں ہیں، پریشان ہیں یا تناؤ کا شکار ہیں، یا کسی ایسے بچّے کے بارے میں جانتے ہیں جسے ہراساں کیا گیا ہے، تو 1098 پر رابطہ کریں۔ اس طرح آپ کی اور دوستوں کی زندگی بدل سکتی ہے۔




**چائلڈ لائن 1098**: یہ ایک 24 گھنٹے والی ٹول فری قومی فون سروس ہے۔ یہ چائلڈ لائن فاؤنڈیشن کی طرف سے شروع کی گئی ایک پہل ہے، جسے وزارت برائے ہنگامی حالات برائے خواتین اور بچوں کی ترقّی نے متاثرین کے لیے شروع کیا ہے۔

नए समाज की ओर
Towards a new dawn

- ہدایت: طلبہ کو محفوظ اور غیر محفوظ لمس کے تعلق سے معلومات دیں۔

समग्र शिक्षा
Samagra Shiksha

(مُفت تقسیم کے لیے)

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پُستک نرمتی وابھیاس کرم
سنشودھن منڈل، پونہ - ۴۱۱۰۰۴۔

कार्यशिक्षण इयत्ता चौथी (उर्दू माध्यम)

